Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
جلد 14 جمعرات، 20 جولائی 2023ء، یکم محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 87

40 منٹ تک جاری رہنے والی ملاقات میں اتحادی جماعت نے وزیراعظم کو اپنے تحفظات سے آگاہ کیا، ایم کیو ایم وفد نے شکوہ کیا کہ اہم فیصلوں پر اعتماد میں نہیں لیا جاتا

وزیراعظم سے MQM کے وفد کی ملاقات، تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی

ایم کیو ایم نگران وزیراعلی سندھ کیلئے شعیب صدیقی کا نام تجویز کر دیا، وزیراعظم نے ووٹر لسٹوں میں شہری سندھ بالخصوص کراچی میں پائی جانے والی بے ضابطگیوں کو درست کرنے کی بھی ہدایت کر دی

ایم کیو ایم پاکستان کے وفد کی ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی، وفد میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، سید مصطفی کمال، ڈاکٹر فاروق ستار اور سید امین الحق شامل ہوئے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) کو اسمبلیوں کی تحلیل اور نگران سیٹ اپ سمیت تمام فیصلوں سے پہلے اعتماد میں لینے کی یقین دہانی کرادی۔ ایم کیو ایم پاکستان کے وفد کی ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی، وفد میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، سید مصطفی کمال، ڈاکٹر فاروق ستار اور سید امین الحق شامل ہوئے۔ 40 منٹ تک جاری رہنے والی ملاقات میں اتحادی جماعت نے وزیراعظم کو اپنے تحفظات سے آگاہ کیا، ایم کیو ایم وفد نے شکوہ کیا کہ اہم فیصلوں پر اعتماد میں نہیں لیا جاتا، وزیراعظم نے پرانے شکوے دور کرتے ہوئے آئندہ تمام معاملات پر مشاورت کی یقین دہانی کرا دی۔ وزیراعظم نے دو ٹوک الفاظ میں ایم کیو ایم وفد کو بتایا کہ انتخابات پرانی مردم شماری پر کروانے کا فیصلہ نہیں ہوا۔ وزیراعظم کی تمام اہم فیصلوں کے ہر مرحلے پر ایم کیو ایم پاکستان سے مشاورت کی یقین دہانی یقینی بنانے کیلئے تین رکنی کمیٹی بھی تشکیل دے دی، کمیٹی نئے انتخابات، نگران حکومت سمیت تمام معاملات پر ایم کیو ایم سے مشاورت کو یقینی بنائے گی، کمیٹی میں ن لیگ سے ایاز صادق، احسن اقبال اور خواجہ سعد رفیق شامل ہیں۔ ایم کیو ایم نگران وزیراعلی سندھ کیلئے شعیب صدیقی کا نام تجویز کر دیا، وزیراعظم نے ووٹر لسٹوں میں شہری سندھ بالخصوص کراچی میں پائی جانے (بقیہ نمبر 1)

سائفر ڈرامہ تھا، سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کیا گیا، اعظم خان کا اعترافی بیان

ذرائع کے مطابق سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان نے 164 کے تحت مجسٹریٹ کے سامنے اعترافی بیان ریکارڈ کروایا

اسلام آباد (خبر نگار) سابق وزیراعظم کے پرنسپل سیکرٹری اعظم خان نے سائفر سے متعلق اعترافی بیان ریکارڈ کروادیا جس میں ان کا کہنا ہے کہ سائفر پری پلان ڈرامہ تھا جسے سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم (بقیہ نمبر 4)

نئے اسلامی سال کا آغاز، خانہ کعبہ کا غلاف تبدیل کر دیا گیا

غلاف کعبہ کی تبدیلی کا عمل نماز عشا کے بعد شروع کیا گیا جو 3 سے 4 گھنٹوں میں مکمل ہوا

مکہ مکرمہ (نیوز ڈیسک) یکم محرم الحرام سے شروع ہونے والے نئے اسلامی سال کے آغاز پر غلاف کعبہ تبدیل کردیا گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق غلاف کعبہ کی تبدیلی کا عمل نماز عشا کے بعد شروع کیا گیا جو 3 سے 4 گھنٹوں میں مکمل ہوا۔ غلاف کعبہ ریشم، سونے (بقیہ نمبر 3)

الیکشن آئین کے مطابق وقت پر ہونے چاہئیں، چوہدری شجاعت حسین

قومی اسمبلی کی تحلیل اور نگران سیٹ اپ کے معاملے پاکستان مسلم لیگ کی قیادت کے درمیان مشاورتی ملاقات ہوئی

لاہور (نامہ نگار) قومی اسمبلی کی تحلیل اور نگران سیٹ اپ کے معاملے پاکستان مسلم لیگ کی قیادت کے درمیان مشاورتی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں چوہدری شجاعت حسین، چوہدری سرور اور چوہدری شافع حسین نے غیر جانبدار نگران سیٹ اپ کے (بقیہ نمبر 2)

9 مئی کو ہونے والے حملوں میں سنگینی کا پہلو موجود ہے، میری یادداشت میں ماضی کا ایسا کوئی واقعہ موجود نہیں جب ملک بھر میں اداروں پر حملہ ہوا ہو

9 مئی کے واقعات میں سنگینی کا پہلو موجود ہے، ٹرائل منصفانہ ہونا چاہیے، چیف جسٹس

اٹارنی جنرل نے کہا کہ پی ایف بیس میانوالی میں جہاں حصاری دیوار گرائی گئی وہاں معراج طیارے کھڑے تھے، پی اے ایف بیس میانوالی میں جہازوں کے استعمال کے لیے فیول بھی موجود تھا

عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس یحیی آفریدی، جسٹس سید مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس عائشہ اے ملک پر مشتمل 6 رکنی لارجر بنچ نے مذکورہ درخواستوں پر سماعت کی

کور کمانڈر ہاس پر حملہ 5:40 پر ہوا، حساس فوجی تنصیبات پر حملہ تقریبا ایک ہی وقت پر ہوا، 9 مئی کو ملک بھر کے حساس فوجی تنصیبات پر حملے 3 بجے سے لے کر 7 بجے تک کیے گئے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں شہریوں کے ٹرائل کے خلاف درخواستوں پر سماعت کے دوران چیف جسٹس نے ریمارکس میں کہا کہ 9 مئی کو ہونے والے حملوں میں سنگینی کا پہلو موجود ہے، میری یادداشت میں ماضی کا ایسا کوئی واقعہ موجود نہیں جب ملک بھر میں اداروں پر حملہ ہوا ہو۔ چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس یحیی آفریدی، جسٹس سید مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس عائشہ اے ملک پر مشتمل 6 رکنی (بقیہ نمبر 5)

9 مئی کے حملہ آوروں کو ملکی سیاست میں حصہ لیتا نہیں دیکھ رہا، رانا ثناء اللہ

الیکشن کروانا الیکشن کمیشن کا کام ہے، صاف اور شفاف الیکشن کیلئے ایک ایسا بندہ ہونا چاہیے جس پر سب کو اعتماد ہو، وفاقی وزیر داخلہ

90 روز میں الیکشن ایک آخری حد ہے، مطلب اس کے اندر ہی ہوں گے، 90 دن کا مطلب یہ نہیں کہ اسی دن ہوں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ 9 مئی کو ملک کے دفاع پر حملہ کرنے والے جتھے کو ملک کی سیاست میں حصہ لیتا نہیں دیکھ رہا۔ نجی نیوز چینل سے گفتگو میں وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ایسے بغض اور کینہ رکھنے والوں کو ملک کی (بقیہ نمبر 13)

گلگت بلتستان علم سے محبت کرنے والوں کی سرزمین ہے، حافظ حفیظ الرحمٰن

علم کے زیور سے مزین یہ تمام طلبہ و طالبات گلگت بلتستان کا حقیقی مستقبل ہیں

گلگت (اسپیشل رپورٹر) سابق وزیراعلی و صدر مسلم لیگ ن گلگت بلتستان حافظ حفیظ الرحمٰن نے میٹرک کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے تمام طلبہ و طالبات کو خصوصی مبارکباد (بقیہ نمبر 14)

لاہور: الیکشن آئین کے مطابق وقت پر ہونے چاہئیں: چودھری شجاعت حسین

راولپنڈی، سبزیوں، پھلوں اور زندہ مرغی کی قیمتوں میں اضافہ برقرار

پرائس مجسٹریٹس غائب، گراں فروشی عروج پر، شہری سراپا احتجاج

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی سبزیوں، پھلوں اور زندہ مرغی کی قیمتوں میں اضافہ برقرار، گرانفروشی عروج پر متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے بازاروں میں چیک اینڈ بیلنس (بقیہ نمبر 15)

احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے مالی و جانی حادثات سے تحفظ ممکن ہے، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو

جسم گیلا ہونے کی صورت میں برقی آلات جیسے کہ فریج، موٹر، استری اور دیگر کو بالکل نہ چھوئیں، ڈاکٹر محمد امجد خان

بارشوں کے دوران بجلی تنصیبات سے مناسب فاصلہ رکھیں، ہنگامی صورتحال میں متعلقہ کمپلینٹ آفس یا ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کریں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ملک کے دیگر حصوں کی طرح آئیسکو ریجن میں بھی مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے اور فالٹس کی بروقت کلیئرنس کیلئے آئیسکو فیلڈ فارمیشنز کو تمام ضروری ہدایات جاری کی جا چکی ہیں۔ آئیسکو چیف ڈاکٹر محمد امجد خان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 17)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کران کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کران کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ (بقیہ نمبر 18)

چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف فوری ٹرائل چلایا جائے گا، عطاء تارڑ

چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف فوری ٹرائل چلایا جائے گا، عطاء تارڑ

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیراعظم کے معاون خصوصی عطاء تارڑ کا کہنا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف سائفر تحقیقات کی جاسکتی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف فوری ٹرائل چلایا جائے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ن لیگ کے رہنما عطاء تارڑ کا کہنا تھا کہ آج سائفر کی حقیقت سامنے آ گئی ہے، سائفر کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے سائفر کا ڈرامہ رچایا، ایبسلوٹلی ناٹ کی حقیقت آج سب کے سامنے آ گئی ہے، سائفر کے معاملے پر پاکستان میں ایک بحران پیدا کیا گیا (بقیہ نمبر 29)

لاہور: لاہور، اسلام آباد اور دیگر شہروں میں تیز بارش، مختلف واقعات میں بچوں سمیت 16 جاں بحق

جسٹس یحیی آفریدی
چیف جسٹس عمر عطا بندیال
جسٹس اعجاز الاحسن
جسٹس مظاہر نقوی
جسٹس منیب اختر
جسٹس عائشہ ملک
اسلام آباد: 9 مئی کے واقعات میں سنگینی کا پہلو موجود ہے، ٹرائل منصفانہ ہونا چاہیے: چیف جسٹس

نگران وزیراعلی پنجاب کی راولپنڈی میں بارش کے پیش نظر ریسکیو 1122، پی ڈی ایم اے اور انتظامیہ کو ضروری ہدایات جاری

نالہ لئی کی صورتحال کو مسلسل مانیٹر کیا جائے، نکاسی آب کا عمل مکمل کرنے کے بعد رپورٹ وزیراعلی آفس پیش کی جائے

انہوں نے ہدایت کی کہ انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے افسران نکاسی آب کا کام مکمل ہونے تک فیلڈ میں موجود رہیں

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے راولپنڈی میں شدید بارش کے پیش نظر ریسکیو 1122، پی ڈی ایم اے اور انتظامیہ کو ضروری ہدایات جاری کر دیں۔ انہوں نے شدید بارش کے باعث راولپنڈی کے نشیبی علاقوں میں پانی کے فوری نکاس کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ اور متعلقہ ادارے نشیبی علاقوں میں نکاسی آب کے لیے فی الفور تمام وسائل بروئے کار لائیں اور اس سلسلے میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے افسران نکاسی آب کا کام مکمل ہونے تک فیلڈ میں موجود رہیں۔ ندی نالوں میں طغیانی کے خدشے کے پیش نظر تمام احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔ نالہ لئی کی صورتحال کو مسلسل مانیٹر کیا جائے۔ نکاسی آب کا عمل مکمل کرنے کے بعد رپورٹ وزیراعلی آفس پیش کی جائے۔

حضرو، حضرت عمر فاروق رضہ کا یوم شہادت آج یکم محرم الحرام (جمعرات کو) منایا جائے گا

حضرو (نیوز رپورٹر) حضرت عمر فاروق کا یوم شہادت آج یکم محرم الحرام (جمعرات کو) منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں مختلف مذہبی جماعتیں اور تنظیمیں جلسے سیمینار اور دیگر تقریبات منعقد (بقیہ نمبر 16)

بارش کے دوران ڈرائیونگ میں زیادہ احتیاط کرنی چاہیے، موٹروے پولیس

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) موٹروے کے مختلف حصوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے، بارش کے دوران ڈرائیونگ میں زیادہ احتیاط کرنی چاہیے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق عوام سے گزارش ہے کہ بارش کے دوران (بقیہ نمبر19)

سپیکر قومی اسمبلی کا گولڑہ موڑ کے قریب دیوار گرنے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے گولڑہ موڑ قائداعظم ہسپتال کے قریب بارش کی وجہ سے دیوار گرنے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو اپنے تعزیتی پیغام میں (بقیہ نمبر28)

زرعی ترقیاتی بینک نے بارہ سال میں اربوں روپے کے قرضے معاف کئے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) زرعی ترقیاتی بینک نے بارہ سال میں اربوں روپے کے قرضے معاف کردیئے۔ جاری دستاویز کے مطابق زرعی ترقیاتی بینک نے بارہ سال میں اربوں روپے کے قرضے معاف کئے ہیں، صرف 2019ء میں بینک کی جانب سے 24 ارب روپے کے قرضے (بقیہ نمبر 30)

پشاور: قوم کو دعوے سے کہا تھا چیئرمین پی ٹی آئی بیرونی ایجنٹ ہے: مولانا فضل الرحمان

گوجر خان میں 70 کے قریب افراد شوارما کھانے سے ہسپتالوں میں منتقل

گوجر خان بے نام شوارما شاپ کے شوارمے کھانے سے 1 بچہ جاں بحق

شہر میں جگہ جگہ شوارما اور غیر معیاری فوڈ پوائنٹس پنجاب فوڈ اتھارٹی کی غفلت، شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی غفلت، ناقص کارکردگی اور پراپر چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے سبب گوجر خان ریلوے روڈ پر قائم بے نام شوارما شاپ کے شوارمے کھانے ایک محنت کش کے بچے کے جاں بحق ہونے اور متعدد افراد کا فوڈ پوائزننگ کا شکار ہونے کی اطلاعات ذرائع کے مطابق شوارما کھانے سے تقریبا 70 کے قریب افراد کی طبیعت خراب ہو گی (بقیہ نمبر 20)

1 ہفتہ گزر گیا تھانہ جاتلی پولیس کی نااہلی کے سبب ملزم تاحال گرفتار نہ ہو سکا

جاتلی، 17 سالہ نوجوان قوم لوط کے پیروکار کی درندگی کا نشانہ بن گیا

زیادتی جیسے واقعات میں، کے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہونے کے دعوے ٹھس ہو کر رہ گے شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس چوکی دولتالہ کے نواحی علاقے میں درندہ صفت قوم لوط کے پیروکار ملزم عثمان تنویر نے گن پوائنٹ پر 17 سالہ طالب علم کو گن پوائنٹ اغوا کر کے اپنی شیطانی ہوس پوری کرنے کے لیے جنسی درندگی کا نشانہ بنا ڈالا ایک ہفتہ گزرنے کے باوجود درندہ صفت انسان تاحال گرفتار نہ ہو سکا شہری حلقوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر21)

گریڈ 17 سے 22 کے افسران بیرونی اثاثے نہیں چھپا سکیں گے

آئی ایم ایف کے ساتھ نئے قرض پروگرام کیلئے طے پانے والی مزید اہم شرائط سامنے آ گئی ہیں

دستاویز میں کہا گیا کہ منتخب یا غیر منتخب عوامی نمائندوں کے سالانہ اثاثہ ڈکلیریشن کو عام کیا جائے گا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) گریڈ 17 سے 22 کے افسران بیرونی اثاثے نہیں چھپا سکیں گے، منتخب یا غیر منتخب عوامی نمائندوں کے سالانہ اثاثہ ڈکلیریشن کو عام کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ نئے قرض پروگرام کیلئے طے پانے والی مزید اہم شرائط سامنے آ گئی ہیں (بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم نے نگران وزیراعلی سندھ کیلئے شعیب صدیقی کا نام تجویز کر دیا

ایم کیو ایم پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کو اپنے تحفظات سے بھی آگاہ کیا

بطور اتحادی جماعت اہم فیصلوں میں اعتماد میں نہیں لیا جاتا، وفد کا شکوہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ایم کیو ایم نے نگران حکومت میں وزیراعلی سندھ کیلئے شعیب صدیقی کا نام تجویز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں ایم کیو ایم پاکستان وفد نے ملاقات کی ہے، ملاقات میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، مصطفی کمال اور فاروق ستار بھی شریک ہوئے۔ ایم کیو ایم نے وزیراعظم کو اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ ایم کیو ایم نے شکوہ کیا بطور اتحادی جماعت اہم فیصلوں (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: وزیراعظم سے ایم کیو ایم کے وفد کی ملاقات، تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی

جب تک اعظم خان کے منہ سے نہیں سنوں گا، نہیں مانوں گا، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم نے اپنے سابق پرنسپل اعظم خان کے حوالے سے میڈیا پر چلنے والے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 6)

عمران خان نے خاتون جج دھمکی کیس میں عدالت کے روبرو معافی مانگ لی

اگر میرے بیان سے کسی کی دل آزاری ہوئی تو اس پر معافی مانگتا ہوں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے خاتون جج دھمکی کیس میں عدالت کے روبرو معافی مانگ لی۔ تفصیلات کے مطابق عدالت میں عمران خان کیخلاف خاتون جج دھمکی کیس کی سماعت ہوئی۔ عمران خان نے روسٹرم پر آ کر کہا کہ اگر میرے بیان سے کسی کی دل آزاری ہوئی (بقیہ نمبر 7)

بھارت نے نالہ ڈیک میں پانی چھوڑ دیا، اونچے درجے کا سیلاب، چناب اور راوی میں بھی طغیانی

مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں 2 لاکھ کیوسک کا سیلابی ریلا داخل ہو گیا، دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں مزید اضافے کا خدشہ ہے

نالہ ڈیک میں اس وقت 32 ہزار کیوسک پانی کا ریلا گزر رہا ہے، سیلابی پانی دیہاتوں میں داخل ہو گیا، کسانوں کی ہزاروں ایکڑ فصل زیر آب آ گئی

پسرور (خبر نگار) بھارت نے نالہ ڈیک میں پانی چھوڑ دیا، نالہ ڈیک میں اونچے درجے کا سیلاب ہے، چناب اور راوی میں بھی طغیانی ہے۔ نالہ ڈیک میں اس وقت 32 ہزار کیوسک پانی کا ریلا گزر رہا ہے، سیلابی پانی دیہاتوں میں داخل ہو گیا، کسانوں کی ہزاروں ایکڑ فصل زیر آب آ گئی، گاں (بقیہ نمبر 8)

ایڈووکیٹ چوہدری یاسر بشیر کی ہونہار بیٹی کا اعزاز فیڈرل بورڈ اسلام آباد کے سالانہ امتحانات میں اول پوزیشن حاصل کر لی

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے سینئر قانون دان چوہدری یاسر بشیر ایڈووکیٹ کی بیٹی گلوبل سائنس کالج راولپنڈی کی ہونہار طالبہ ردا فاطمہ نے رول نمبری 1511870 کے تحت فیڈرل بورڈ اسلام آباد کے زیر اہتمام دہم کلاس کے سالانہ امتحانات میں اول پوزیشن لے کر والدین اساتذہ اور اہلِ علاقہ کا سر فخر سے بلند کر دیا ہونہار طالبہ نے بورڈ دہم امتحانات (بقیہ نمبر12)

میاں مراد حسین کا بارش کے بعد ولید عباسی اور اجمل وارثی کے ساتھ شہر کا دورہ

شہریوں کو کسی دشواری کا سامنا کرنا پڑا تو غفلت کرنے والے عملے کی خلاف سخت کارروائی کی جائے گی

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نکو کارہ نے بارش کے بعد نکاسی آب کی صورت حال اور ممکنہ طور پر ہونے والی بارش کے پانی کی (بقیہ نمبر 9)

راناساجد صفدر کا علی الصبح، موسلا دھار بارش میں شہر کے نشیبی علاقوں کا دورہ

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے بارش میں صفائی کے خصوصی انتظامات کئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چیف ایگزیکٹو آفیسر آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر کا علی الصبح کمشنر، ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ موسلا دھار بارش میں شہر کے نشیبی علاقوں کا دورہ، نکاسی آب کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز موسلا دھار بارش میں نکاسی آب کا جائزہ لینے کے لئے کمشنر راولپنڈی (بقیہ نمبر10)

نیوکلیئر سکیورٹی انڈیکس 2023، پاکستان بھارت سمیت کئی ممالک سے بہتر قرار

نیوکلیئر سکیورٹی انڈیکس 2023 کے مطابق جوہری مواد کی حفاظت میں پاکستان 19 ویں نمبر پر براجمان ہے

جوہری سہولیات کی حفاظت میں بھی پاکستان نے بھارت، ایران، میکسیکو، جنوبی افریقہ، مصر سمیت کئی ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) جوہری مواد کی حفاظت میں پاکستان کو بھارت اور ایران سمیت کئی ممالک کے مقابلے میں بہتر قرار دے دیا گیا۔ نیوکلیئر سکیورٹی انڈیکس 2023 کے مطابق جوہری مواد کی حفاظت میں پاکستان 19ویں نمبر پر براجمان ہے، پاکستان کے جوہری مواد کی حفاظت میں (بقیہ نمبر 11)

لاہور: نیوکلیئر سکیورٹی انڈیکس 2023: پاکستان بھارت سمیت کئی ممالک سے بہتر قرار

ڈگری میں زہر خوانی کا واقعہ

ایک ہی خاندان کے خواتین

سمیت پانچ افراد کی حالت غیر ہو گئی

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم ارائیں) ڈگری میں زہر خوانی کا واقعہ ایک ہی خاندان کے خواتین سمیت پانچ افراد کی حالت غیر ہو گئی تفصیل کے مطابق ڈگری کے علاقے مرچ منڈی کے (بقیہ نمبر 22)

پی آئی اے طیارے کی لینڈنگ سے کچھ دیر پہلے مسافر کو دل کا دورہ پڑ گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) دبئی سے اسلام آباد آنے والا مسافر دوران پرواز دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق ہو گیا، ملک جہانزیب نامی مسافر پاکستان ایئر لائنز کی پرواز پی کے 212 ذریعے دبئی سے اسلام آباد آ رہا تھا، لینڈنگ سے کچھ دیر پہلے (بقیہ نمبر 23)

ڈی پی او بھکر محمد نوید کی طرف سے روزمرہ کھلی کچہری کا سلسلہ جاری

ڈی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں سے فردا فردا ملاقات کی

بھکر (ظفر اعوان) آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور، آر پی او سرگودھا شارق کمال صدیقی کے ویژن کے مطابق ڈی پی او بھکر محمد نوید کی طرف سے روزمرہ کھلی کچہری کا سلسلہ (بقیہ نمبر 24)

شہر بھر میں غیر قانونی تعمیرات کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا، عامر میر

واہگہ زون میں نشاندہی کردہ غیر قانونی تعمیرات پر نوٹسز کے اجراء کے بعد قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے

داتا گنج بخش زون میں رپورٹ کردہ چار مقامات پر اضافی تعمیرات کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اطلاعات و بلدیات عامر میر کی ہدایت پر شہر بھر میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ غیر قانونی تعمیرات سے متعلق کریک ڈاؤن کے دوران سمن آباد زون، واہگہ زون اور داتا گنج بخش زون میں نقشے کی منظوری کے بغیر تعمیراتی کام کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے آپریشن کے دوران منظور شدہ نقشے سے زائد تعمیرات مسمار کر دی گئیں ہیں۔ اضافی تعمیرات کی مسماری کے بعد مالکان کے خلاف مزید قانونی کارروائی کے لیے نشاندہی کردہ عمارتوں کو سیل کیا جا چکا ہے۔ متعلقہ عملہ کو سیل شدہ عمارات کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کی (بقیہ نمبر 25)

SUPREME COURT
PAKISTAN
سپریم کورٹ آف پاکستان
اسلام آباد: وکیل قتل کیس: سپریم کورٹ میں ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف اپیل سماعت کیلئے مقرر

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

وزیراعظم شہباز شریف کا واضح اعلان

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ان کی حکومت اگلے ماہ مدت پوری ہونے سے ختم ہو جائے گی، انتخابات میں عوام جس کو لائیں گے اسے دل وجان سے تسلیم کریں گے اور اگر انہیں دوبارہ موقع دیا تو وعدہ ہے کہ پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی طرف لے کر جائیں گے۔ گورنر ہاس لاہور میں یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچرل لون سکیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ آئندہ عام انتخابات میں عوام نے نواز شریف کو منتخب کیا تو ملک کا نقشہ بدل دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام ووٹ دیتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کی چار سالہ تباہی اور بربادی کو سامنے رکھیں، عمران خان نے اپنے چار سالہ دور میں ایک اینٹ نہیں لگائی جبکہ ان کے دور میں بی آر ٹی، مالم جبہ، چینی اور 190 ملین پاؤنڈ جیسے سکینڈل سامنے آئے، چیئر مین پی ٹی آئی کا خواب تھا کہ وہ انہیں اور نواز شریف کو جیل بھیج دیتے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف سے معاہدے کا مثبت پہلو یہ ہے کہ روپے کی قدر مستحکم ہوئی، ڈالر اب آسمان پر نہیں جا رہا، کرنسی میں استحکام آ رہا ہے لیکن اگر آئی ایم ایف سے معاہدہ نہ ہوتا تو روپیہ کہاں اور ڈالر کا ریٹ کہاں ہوتا، معیشت تلاطم کا شکار ہو جاتی، جن لوگوں نے شیطانی چرخا چلایا اور جو ملک کے خلاف سازش میں ملوث تھے ان کی سازشیں ناکام ہوئیں اور بیرون ملک تانے بانے سب کے سامنے آ گئے، چند روز قبل اسرائیل کا پاکستان کے خلاف بیان آیا لیکن خدا نے تمام سازشیں نیست ونابود کر دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ہم معاشی اصلاحات میں انقلابی اقدامات اور جرت مندانہ فیصلے کر کے آگے بڑھے تو پاکستان کی معاشی ترقی آپ کے قدم چومے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ نواز شریف کو پانامہ کے مقابلے میں اقامہ پر سزا دی گئی، اگر اللہ نے موقع دیا تو نواز شریف کی لیڈر شپ میں تعلیم کے میدان میں 2011 کے شروع ہونے والے انقلاب کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے، نواز شریف نے نوجوانوں کے ہاتھ میں کلاشنکوف کی جگہ لیپ ٹاپ دیا، وہی لیپ ٹاپ جس نے کورونا میں بچوں کو تعلیم کا زینہ فراہم کیا، جو لیپ ٹاپ کو رشوت کہتا ہے اس کی ذہنی حالت کا اندازہ لگا لیں۔ وزیراعظم یوتھ اینڈ ایگریکلچر لون سکیم باصلاحیت نوجوانوں کو اپنا کاروبار آسان شرائط کے کم سود قرضوں کی فراہمی کے ذریعے یقینی بنا رہی ہے جبکہ خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے اس سکیم میں خصوصی حصہ رکھا گیا ہے۔ بعدازاں سیالکوٹ میں گورنمنٹ ویمن کالج میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم ہر طالب علم کو لیپ ٹاپ دیں گے، رواں مالی سال میں مزید ایک لاکھ لیپ ٹاپ دینے کا منصوبہ ہے جس کے لئے ساڑھے چار کروڑ روپے کی لاگت سے لیپ ٹاپ درآمد کئے ہیں۔ ملک میں اس وقت انتخابات سب سے اہم موضوع ہے، ان کی تاریخ اور انعقاد کے حوالے سے مختلف آرا سامنے آ رہی ہیں۔ نگران حکومت کی تشکیل کے حوالے سے بھی مختلف خبریں سننے کو مل رہی ہیں۔ ملک میں ایک طبقہ ابھی تک انتخابات کے بروقت ہونے پر شکوک وشبہات کا اظہار کر رہا ہے تاہم حکومت اور اس کی اتحادی جماعتوں کی طرف سے انتخابات کی تیاری نظر آ رہی ہے، مسلم لیگ) ن (، پاکستان پیپلز پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام بروقت انتخابات کے انعقاد پر یقین رکھتی ہیں اور نگران حکومت کے حوالے سے بھی اپنی مشاورت لگ بھگ مکمل کر چکی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف آئی ایم ایف سے معاہدے کے بعد خاصے پراعتماد نظر آتے ہیں کیونکہ اس کے بعد پاکستانی معیشت میں مثبت تبدیلی نظر آنا شروع ہو گئی ہے، کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے، روپے کی تیزی سے گرتی ہوئی قدر کو بھی استحکام ملا ہے۔ گورنر ہاس میں وزیراعظم کی تقریر اور اس میں بار بار کی یہ یقین دہانی کہ وہ مدت پوری ہونے سے پہلے حکومت چھوڑ دیں گے، انتخابات کے بروقت انعقاد کے حوالے سے شکوک وشبہات کی تردید کرتی ہے۔ شہباز شریف اس وقت نہ صرف مختلف تقاریب سے خطاب میں اپنی حکومت کی 15 ماہ کی کارکردگی پیش کر رہے ہیں بلکہ اپنے مختصر دورِ حکومت کا عمران خان کی چار سالہ کارکردگی سے بھی موازنہ کر رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ 10 اپریل 2022 کو پی ٹی آئی کی حکومت کے خلاف عدم اعتماد کے بعد جب انہیں اقتدار ملا تو پاکستان کو بدترین معاشی بحران کا سامنا تھا۔ ڈالر کی بلند پرواز، گردشی قرضوں، بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگی، بلند ترین مہنگائی اور بے روزگاری ان کے سامنے پہاڑ کی طرح کھڑے تھے۔ رہی سہی کسر آئی ایم ایف نے پوری کر دی، تمام تر شرائط پوری کرنے کے باوجود معاملہ طے نہیں ہو پا رہا تھا، لیکن حکومتی ٹیم بہر حال آئی ایم ایف کو رام کرنے میں کامیاب ہو ہی گئی۔ کسی بھی ملک میں جمہوریت عوامی مینڈیٹ ہی کے ذریعے زندہ رہتی اور توانا ہوتی ہے۔ برادر ملک ترکیہ نے زلزلے کی بدترین تباہ کاریوں کے باوجود پرامن انتخابات کا انعقاد کر کے یہ پیغام دیا تھا کہ وہی قومیں اپنا مقام بناتی ہیں۔

اشیائے ضرورت کی مہنگائی، فوری روکی جائے

ملک میں عام انتخابات، آج سے عرصہ تین یا چار ماہ کے بعد اکتوبر یا نومبر میں منعقد ہونے کی اطلاعات ہیں۔ چند ہفتے قبل صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں وزرائے اعلی کی قیادت میں نگران حکومتیں کام کر رہی ہیں۔ ان کی ذمہ داری اگر چہ کوئی بڑے اہم امور انجام دینے کی نہیں ہے کیونکہ ان کی کارکردگی پر زیادہ توجہ اور سوچ بچار کی ضرورت درکار ہوتی ہے اس لئے مشکل انداز کے منصوبے تشکیل دینے اور ان پر عمل درآمد کے لئے، ان کو کاوشیں بروئے کارلانے سے اجتناب کرنا ہی بہتر ہے۔ لیکن روزمرہ استعمال کی اشیائے ضرورت

مقبول احمد قریشی، ایڈووکیٹ

کی قیمتوں کی مسلسل گرانی، قلت اور مہنگائی پر قابو پانا، کس حکمران یا حاکم کی ذمہ داری ہے؟ آٹا، چینی، دالیں اور سبزیاں تو عام غریب لوگوں کی بنیادی خوراک کے زمرے میں آتی ہیں۔) ان ضروریات کی، ایک دو ہفتوں کے بعد (قیمتوں میں اضافہ کیوں ہوتا رہتا ہے؟ آٹا تو ہمارے اپنے ملک میں گندم کی اچھی فصل کی پیدوار موجود ہے اس کی فراہمی مختصر وقفوں کے ساتھ، مہنگی کیوں ہوتی رہتی ہے؟ جبکہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نگران حکومتوں میں وزرائے اعلی اور متعلقہ افسران کئی سال کی ملازمت کا تجربہ رکھتے ہیں۔ پنجاب کے نگران وزیر اعلی محسن رضا نقوی اچھے خاصے تعلیم یافتہ اور یہاں کے تاجر حضرات سے خوشگوار اور اچھے تعلقات رکھتے ہیں۔ گندم اور آٹا کی دستیابی نقل وحمل اور فراہمی کے متعلق امور سے انہیں خاصی آگاہی اور شناسائی بھی حاصل ہے تو پھر آٹے کی قیمتیں روز بروز کیوں بڑھتی رہتی ہیں۔ متعلقہ سرکاری حکام کو بھی اس حقیقت کا بخوبی علم ہے کہ اس بنیادی خوراک کی تیاری اور فراہمی میں بھی دیانتدار حضرات کے علاوہ کالی بھیڑیں بھی موجود ہوں گی جو کاروبار کو اپنے مذموم مقاصد اور مفاد کے حصول کی خاطر، حکومت وقت کی مثبت پالیسوں اور بہتر کاوشوں کو ناکام بنانے میں بھی کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتیں۔ حکومتی ذمہ داران وزرا اور متعلقہ افسران کو اس سماج دشمن رجحان پر ہر وقت کڑی نظر رکھ کر عوام کی مشکلات میں مسلسل مہنگائی کے ذریعے اضافہ پر قابو پانے کی ہر عملی کوشش اور تگ ودو کرنا ہوگی یاد رہے کہ آئندہ چند ماہ بعد ملکی قیادت کے انتخاب کے لئے الیکشن ہونا قرار پائے ہیں تو اس امر پر بھی توجہ دے کر انہیں اپنے ووٹر حضرات وخواتین کی مہنگائی کے بارے میں تکلیف، پریشانی اور چیخ وپکار کو کم کرنے کے بارے میں فوری طور پر حق رسی کرنا آخر کس اتھارٹی کی ذمہ داری ہے؟ یاد رہے کہ وطن عزیز میں عوام کی اکثریت غریب اور پسماندہ افراد پر مشتمل ہے اس لئے انتخابات مجوزہ کے انعقاد تک عوام کو اشیائے ضرورت کم قیمتوں پر فراہم کرنے کی ذمہ داری متعلقہ سیاست کاروں اور افسران کو پوری توجہ اور محنت سے سرانجام دینا چاہئے۔ ملک میں عام انتخابات، آج سے عرصہ تین یا چار ماہ کے بعد اکتوبر یا نومبر میں منعقد ہونے کی اطلاعات ہیں۔ چند ہفتے قبل صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں وزرائے اعلی کی قیادت میں نگران حکومتیں کام کر رہی ہیں۔ ان کی ذمہ داری اگر چہ کوئی بڑے اہم امور انجام دینے کی نہیں ہے کیونکہ ان کی کارکردگی پر زیادہ توجہ اور سوچ بچار کی ضرورت درکار ہوتی ہے اس لئے مشکل انداز کے منصوبے تشکیل دینے اور ان پر عمل درآمد کے لئے، ان کو کاوشیں بروئے کارلانے سے اجتناب کرنا ہی بہتر ہے۔ لیکن روز مرہ استعمال کی اشیائے ضرورت کی قیمتوں کی مسلسل گرانی، قلت اور مہنگائی پر قابو پانا، کس حکمران یا حاکم کی ذمہ داری ہے؟ آٹا، چینی، دالیں اور سبزیاں تو عام غریب لوگوں کی بنیادی خوراک کے زمرے میں آتی ہیں۔) ان ضروریات کی، ایک دو ہفتوں کے بعد (قیمتوں میں اضافہ کیوں ہوتا رہتا ہے؟ آٹا تو ہمارے اپنے ملک میں گندم کی اچھی فصل کی پیدوار موجود ہے اس کی فراہمی مختصر وقفوں کے ساتھ، مہنگی کیوں ہوتی رہتی ہے؟ جبکہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نگران حکومتوں میں وزرائے اعلی اور متعلقہ افسران کئی سال کی ملازمت کا تجربہ رکھتے ہیں۔ پنجاب کے نگران وزیر اعلی محسن رضا نقوی اچھے خاصے تعلیم یافتہ اور یہاں کے تاجر حضرات سے خوشگوار اور اچھے تعلقات رکھتے ہیں۔ گندم اور آٹا کی دستیابی نقل وحمل اور فراہمی کے متعلق امور سے انہیں خاصی آگاہی اور شناسائی بھی حاصل ہے تو پھر آٹے کی قیمتیں روز بروز کیوں بڑھتی رہتی ہیں۔ متعلقہ سرکاری حکام کو بھی اس حقیقت کا بخوبی علم ہے کہ اس بنیادی خوراک کی تیاری اور فراہمی میں بھی دیانتدار حضرات کے علاوہ کالی بھیڑیں بھی موجود ہوں گی جو کاروبار کو اپنے مذموم مقاصد اور مفاد کے حصول کی خاطر، حکومت وقت کی مثبت پالیسوں اور بہتر کاوشوں کو ناکام بنانے میں بھی کوئی کسر اٹھانہیں رکھتیں۔ حکومتی ذمہ داران وزرا اور متعلقہ افسران کو اس سماج دشمن رجحان پر ہر وقت کڑی نظر رکھ کر عوام کی مشکلات میں مسلسل مہنگائی کے ذریعے اضافہ پر قابو پانے کی ہر عملی کوشش اور تگ ودو کرنا ہوگی یاد رہے کہ آئندہ چند ماہ بعد ملکی قیادت کے انتخاب کے لئے الیکشن ہونا قرار پائے ہیں تو اس امر پر بھی توجہ دے کرانہیں اپنے ووٹر حضرات وخواتین کی مہنگائی کے بارے میں تکلیف، پریشانی اور چیخ وپکار کو کم کرنے کے بارے میں فوری طور پر حق رسی کرنا آخر کس اتھارٹی کی ذمہ داری ہے؟ یاد رہے کہ وطن عزیز میں عوام کی اکثریت غریب اور پسماندہ افراد پر مشتمل ہے اس لئے انتخابات مجوزہ کے انعقاد تک عوام کو اشیائے ضرورت کم قیمتوں پر فراہم کرنے کی ذمہ داری متعلقہ سیاست کاروں اور افسران کو پوری توجہ اور محنت سے سرانجام دینا چاہئے۔ کیونکہ ان کی کارکردگی پر زیادہ توجہ اور سوچ بچار کی ضرورت درکار ہوتی ہے اس لئے مشکل انداز کے منصوبے تشکیل دینے اور ان پر عمل درآمد کے لئے، ان کو کاوشیں بروئے کارلانے سے اجتناب کرنا ہی بہتر ہے۔ لیکن روزمرہ استعمال کی اشیائے ضرورت کی قیمتوں کی مسلسل گرانی، قلت اور مہنگائی پر قابو پانا، کس حکمران یا حاکم کی ذمہ داری ہے؟ آٹا، چینی، دالیں اور سبزیاں تو عام غریب لوگوں کی بنیادی خوراک کے زمرے میں آتی ہیں۔) ان ضروریات کی، ایک دو ہفتوں کے بعد (قیمتوں میں اضافہ کیوں ہوتا رہتا ہے؟ آٹا تو ہمارے اپنے ملک میں گندم کی اچھی فصل کی پیدوار موجود ہے اس کی فراہمی مختصر وقفوں کے ساتھ، مہنگی کیوں ہوتی رہتی ہے؟ جبکہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نگران حکومتوں میں وزرائے اعلی اور متعلقہ افسران کئی سال کی ملازمت کا تجربہ رکھتے ہیں۔ پنجاب کے نگران وزیر اعلی محسن رضا نقوی اچھے خاصے تعلیم یافتہ اور یہاں کے تاجر حضرات سے خوشگوار اور اچھے تعلقات رکھتے ہیں۔ گندم اور آٹا کی دستیابی نقل وحمل اور فراہمی کے متعلق امور سے انہیں خاصی آگاہی اور شناسائی بھی حاصل ہے تو پھر آٹے کی قیمتیں روز بروز کیوں بڑھتی رہتی ہیں۔ متعلقہ سرکاری حکام کو بھی اس حقیقت کا بخوبی علم ہے کہ اس بنیادی خوراک کی تیاری اور فراہمی میں بھی دیانتدار حضرات کے علاوہ کالی بھیڑیں بھی موجود ہوں گی جو کاروبار کو اپنے مذموم مقاصد اور مفاد کے حصول کی خاطر، حکومت وقت کی مثبت پالیسوں اور بہتر کاوشوں کو ناکام بنانے میں بھی کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتیں۔

لاہور گردی......استاد دامن سے احسان دانش

ہر سال چھٹیوں میں میرا معمول بن چکا ہے کہ میں اپنے چنیدہ طالب علموں کو لاہور گردی پر لے جاتا ہوں۔ دوستوں کو یہ پڑھ کر حیرت ہوگی کہ لاہور میں رہ کر لاہور ہی کی سیر چہ معنی دارد۔ صاحبو یہ شہر لاہور طلسم کدہ ہے۔ اس کی تاریخ کو بیان کرنے کے لیے صدیاں درکار ہیں۔ اس کے گلی کوچے تاریخ وثقافت کے آئینہ دار ہیں اس لیے اس شہر کی کوچہ گردی عجب لطف دیتی ہے۔ اتوار کے دن صبح سویرے اندرون لاہور کے گلی کوچوں میں آوارہ پھرنا ہمیشہ ہی دل کو سرور بخشتا ہے۔ صبح سے ہی ہلکی ہلکی بونداباندی ہو رہی تھی۔ ہم لوگ مغل پورہ پل سے نکلے۔ اردو بازار میں مشہور وارث نہاری کی

ڈاکٹر محمد نعیم گھمن

دکان پر پہنچے وہاں کبھی پیسہ اخبار کا دفتر ہوتا تھا۔ وارث نہاری سے ناشتہ کیا۔ سچ تو یہ ہے کہ وارث کی نہاری اپنی مثال آپ ہے حالانکہ لاہور میں اب چلن یہ ہے کہ کوئی چیز مشہور ہوئی تو اس کوالٹی وہ نہ رہی جو اس کا اعجاز تھی۔ آج قافلہ آوارگان میں مرزا عثمان، رانا علی حسن، رانا اسد اللہ، وہاب، حیدر، حارث، احمد بلال، عبد الرحمن، جواد علی، حنان، برہان اور عبداللہ شامل تھے۔ مجھے اس بات کی خوشی تھی کہ نوجوان لاہور شہر کی تاریخ میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ نئے دیوانوں کو دیکھیں تو خوشی ہوتی ہے ہم بھی ایسے ہی تھے جب آئے تھے ویرانے میں اس دفعہ نوجوانوں کو ناشتے کی بجائے اندرون لاہور کی سیر کا ہی کہہ کر لایا تھا۔ ناشتے پہ کافی وقت لگا کیوں کہ وارث نہاری پر رش تھا۔ ناشتے کے بعد انارکلی بازار پہنچے۔ وہاں مزدور شاعر احسان دانش کا گھر دیکھا۔ انارکلی بازار سے گزرتے ہوئے خاندان غلاماں کی حکومت استوار کرنے والا بادشاہ قطب الدین ایبک کے مقبرے پر گئے۔ قطب الدین ایبک کی شخصیت کے متعلق دو چار باتیں کیں۔ انارکلی میں موجود قدیمی مندر کی باقیات کو دیکھا۔ لوہاری سے ہوتے ہوئے پاپڑ منڈی جا پہنچے۔ لاہور کی پہلی تاریخی نیویں مسجد کو دیکھا۔ اس گلی کے ساتھ ہی تھوڑا آگے جا کر رنجیت سنگھ کی محبوبہ مائی موراں کی مسجد کے بند دروازے پر تھوڑی دیر رکے۔ اب ہماری منزل تاریخی رنگ محل چوک تھا۔ وہاں حضرت ایاز سے سلام ودعا کی۔ باولی باغ دیکھا۔ سنہری مسجد کی سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر سنہرے دور کو یاد کیا۔ یہ راستہ شاہی گزر گاہ تھا۔ بادشاہ اور وزرا اسی راستے سے قلعہ اور دلی گیٹ جایا کرتے تھے۔ مسجد وزیر خاں میں دیر تک تاریخ کے نقوش تلاش کیے۔ مرزا عثمان حکیم صاحب کا وزیر بننے کا سفر بیان کرتے رہے۔ مسجد وزیر خاں اندرون لاہور میں مغل عہد کی سب سے توانا یادگار ہے۔ مسجد وزیر خاں سے دلی گیٹ تک والڈسٹی نے بہترین کام کیا ہے۔ اندرون لاہور میں کئی یادگار جگہوں میں تعارفی کتبے لگائے گئے ہیں۔ حکیم سرجن سنگھ کی گلی تو سجی سنوری اور دلہن بنی ہوتی ہے۔ اس گلی میں جب پہنچے تو ہلکی ہلکی بارش نے موسم خوشگوار کر دیا۔ آپ ذرا لطافت ونزاکت کا اوج دیکھیں کہ اندرون شہر صبح کا وقت اور رم جھم۔ مغلاں کا کھوہ بھی دیکھا۔ سلطان ٹھیکیدار کی حویلی دیکھی۔ یہ وہی حضرت ہیں جنہوں نے انگریز عہد میں اندرون شہر کے گرد فصیل کی اینٹوں کو چرا کر اسٹیشن جیسا عجوبہ بنایا تھا۔ انہی کے نام پر سلطان پورہ محلہ بھی ہے۔ سبیل والی گلی گئے۔ شاہی حمام کے تالاب میں مغل عہد میں ڈالے گئے منوں عرق گلاب کی خوشبو سے لطف اٹھایا۔ دلی دروازے کے سامنے کھڑے ہوکر دارشکوہ کے بسائے باغ کی جگہ لنڈا بازار کی رونق دیکھی۔ وقت خاصا بیت چکا تھا اور ہم حویلی بارود خانہ پہنچے۔ رنجیت سنگھ کا بارود خانہ اب گیت سنگیت کا نگار خانہ بن چکا ہے۔ اس حویلی میں بہت سے ڈراموں اور فلموں کی عکسبندی ہوتی ہے۔ بازار حسن کے اک کونے میں فقیر کدہ میں جلنے والا چراغ ہمیں اپنی جانب بلا رہا تھا۔ فقیر کا یہ حجرہ استاد دامن کی بیٹھک کہلاتا ہے۔ اس بیٹھک کی حالت کو سنوارنا چاہیے۔ وہاں اقبال ایڈووکیٹ کے ساتھ کچھ وقت گزارا۔ استاد دامن اور سائیں اختر لہوری کو یاد کیا۔ بازار حسن کے بند کواڑ اور اداس دریچوں میں جھانکتے ہوئے تیزی سے بازار حکیماں کی جانب بڑھ گئے۔ حویلی مبارک شاہ پہنچے اس میں قیام کرنے والے لکھنی تاجدار واجد علی شاہ کے متعلق کچھ باتیں کیں۔ علامہ اقبال اندرون بھاٹی گیٹ جس تھڑے پہ بیٹھ کر شعروسخن کے کوچے میں وارد ہوئے تھے وہاں تھوڑی دیر قیام کیا۔ اندرون بھاٹی گیٹ اور فقیر خانہ میوزیم لازم وملزوم ہیں۔ فقیر خاندان کی پنجاب کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ فقیر خاندان نے رنجیت سنگھ کے طرز حکمرانی پر گہرا اثر ڈالا۔ فقیر خاندان کے چشم وچراغ جناب فقیر سیف الدین صاحب سے ہماری یاد اللہ ہے۔ وہ ہمیشہ شفقت کرتے ہیں۔ ہمیں پہلے وقت لینا چاہیے تھا جو ہم نہ لے سکے۔ فقیر خانہ پہنچ کر فون کیا تو ازراہ محبت اذن ملاقات عطا کر دیا۔ ان کے ڈرائنگ میں گپ شپ کا طویل دور ہوا۔ انہوں نے تاریخی حقائق سے پردہ اٹھایا۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید کی کتابت پر سیر حاصل باتیں ہوئیں۔ میں نے فقیر سیف الدین صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ دوستو اندرون لاہور جانے کا لطف اتوار کے دن کے صبح سویرے ہے۔ آپ اک دفعہ ان کوچوں میں جائیں تو پھر روح کا رقص دیکھیں۔ میں لاہور گرد ہوں۔ مجھے اپنی آوارگی پر فخر ہے۔ یہ شہر صوفی کے سینے کی طرح اپنے راز مجھ پر فشاں کرتا ہے۔ انہی کے نام پر سلطان پورہ محلہ بھی ہے۔ سبیل والی گلی گئے۔ شاہی حمام کے تالاب میں مغل عہد میں ڈالے گئے منوں عرق گلاب کی خوشبو سے لطف اٹھایا۔ دلی دروازے کے سامنے کھڑے ہوکر دارشکوہ کے بسائے باغ کی جگہ لنڈا بازار کی رونق دیکھی۔ وقت خاصا بیت چکا تھا اور ہم حویلی بارود خانہ پہنچے۔ رنجیت سنگھ کا بارود خانہ اب گیت سنگیت کا نگارخانہ بن چکا ہے۔ اس حویلی میں بہت سے ڈراموں اور فلموں کی عکسبندی ہوتی ہے۔ بازار حسن کے اک کونے میں فقیر کدہ میں جلنے والا چراغ ہمیں اپنی جانب بلا رہا تھا۔ فقیر کا یہ حجرہ استاد دامن کی بیٹھک کہلاتا ہے۔ اس بیٹھک کی حالت کو سنوارنا چاہیے۔ وہاں اقبال ایڈووکیٹ کے ساتھ کچھ وقت گزارا۔ استاد دامن اور سائیں اختر لہوری کو یاد کیا۔ بازار حسن کے بند کواڑ اور اداس دریچوں میں جھانکتے ہوئے تیزی سے بازار حکیماں کی جانب بڑھ گئے۔ حویلی مبارک شاہ پہنچے اس میں قیام کرنے والے لکھنی تاجدار واجد علی شاہ کے متعلق کچھ باتیں کیں۔ علامہ اقبال اندرون بھاٹی گیٹ جس تھڑے پہ بیٹھ کر شعروسخن کے کوچے میں وارد ہوئے تھے وہاں تھوڑی دیر قیام کیا۔ اندرون بھاٹی گیٹ اور فقیر خانہ میوزیم لازم وملزوم ہیں۔ فقیر خاندان کی پنجاب کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ فقیر خاندان نے رنجیت سنگھ کے طرز حکمرانی پر گہرا اثر ڈالا۔ فقیر خاندان کے چشم وچراغ جناب فقیر سیف الدین صاحب سے ہماری یاد اللہ ہے۔ وہ ہمیشہ شفقت کرتے ہیں۔ ہمیں پہلے وقت لینا چاہیے تھا جو ہم نہ لے سکے۔ فقیر خانہ پہنچ کر فون کیا تو ازراہ محبت اذن ملاقات عطا کر دیا۔ ان کے ڈرائنگ میں گپ شپ کا طویل دور ہوا۔ انہوں نے تاریخی حقائق سے پردہ اٹھایا۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید کی کتابت پر سیر حاصل باتیں ہوئیں۔

میثاقِ پاکستان۔ وقت کی اہم ضرورت

میں نے اس موضوع پر مختلف اوقات میں لکھا ہے۔ میثاق جمہوریت کے بعد آج کل تپتے صحراں میں میثاق معیشت کی بازگشت سنائی دیتی رہی ہے۔ میرا خیال ہے لگے ہاتھوں میثاق پاکستان بھی کر ڈالیں اور کرنے والے اپنے آپ اور اپنی نسلوں کے لئے کوئی

سید طارق جاوید مشہدی

مناسب سزا بھی تجویز کر ڈالیں۔ انعام واکرام کی بہاریں تو وہ پہلے سمیٹ چکے۔ پاسبان سینٹ کی منظوری کا بل اس کی ایک مختصر سی جھلک ہے، جس سے کم از کم یہ چیز تو ثابت ہوتی ہے کہ مملکت خداداد کے فیصلہ سازوں کے لئے میثاق پاکستان کرنا اور اس پر عمل کرنا کچھ بھی مشکل نہیں۔ بالخصوص اس وقت جب آئی ایم ایف اپنے تیز دھار آلۂ قتل سمیت موت کا سامان لئے ہماری گردنوں پر پھیرنے کے لئے ہر لحظہ ہمارے سامنے موجود ہے۔ اب جب کہ آئی ایم ایف سے معائدہ ہو گیا اور کیا غضب ہوا کہ پورے نو ماہ اب ہم آئی ایم ایف کے لئے نوگواریا ہو گئے۔ نوماہ کے اس عمل کے بعد جو نو مولود اس وقت دنیا میں آنکھ کھولے گا، وہ کیا دیکھے گا؟ کیا ہی اچھا ہو کہ اس کا نتیجہ میثاق پاکستان ہو۔ سینٹ کے چیئر مین نے جس پیار اور محبت سے اپنے اور آنے والوں کے لئے سوائے تجہیز وتکفین کے، ہر چیز کا بندوبست پاکستان کے لبالب بھرے خزانوں سے کیا ہے، کچھ اس جذبے کے تحت تمام حاکم ومحکوم حلقوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کے لئے ایک قرارداد پیش کریں جس میں فیصلہ ہو جائے کہ 2050 تک حکمران جو بھی آئے پاکستان آگے بڑھتا رہے۔ اس دنیا میں رہنے کا ایک ہی اصول ہے اور وہ ہے استحکام۔ سیاسی اور معاشی استحکام۔ جو قوم اس سے دور ہیں ان کو چل دیا جائے گا۔ کائنات کے رب کو ست لوگ پسند نہیں۔ ہم بحیثیت قوم اس وقت اخلاق، معاش، سیاست اور سماج کے نیچے سے درج اول پر بڑی کامیابی سے براجمان ہیں۔ ہماری حیثیت اس وقت یہ ہے کہ اگر شلوار کا کپڑا پورا کرتے ہیں تو پیٹ ننگا ہوتا ہے اور پیٹ چھپاتے ہیں تو شلوار اتار لی جاتی ہے اور پھر یہ آئی ایم ایف کے لاکر میں غیر معینہ مدت تک چھپا دی جاتی ہے۔ ان تمام مسائل کا ایک ہی حل ہے ہم اپنا ایک معیار بنا لیں۔ سیاسی، معاشی، عسکری، تعلیمی، سماجی معیار۔ ان شعبوں سے جڑے ہم سب اسی ہمسائے سے سبق سیکھیں جواب ہمیں تھپڑ مارنا بھی وقت کا ضیاع سمجھتا ہے اور آنے والے وقت کا ادراک کریں۔ کیا وقت آیا ہے پاکستان پر کہ اس کا وزیراعظم ایک ارب ڈالر کے لئے دربدر ہے ان حالات کا ذمہ دار جہاں قاسم کے ابو ہو سکتے ہیں وہاں ابو کو اس مقام بے فیض پر لانے والوں کو بھی اپنی سوچ پر نظر ثانی کرنی پڑے گی۔ مودی کو اگر آج امریکہ میں پذیدائی ملی تو اس کے چائے خانے کی وجہ سے نہیں، چائے خانہ کی سوچ سے نکلنے کی وجہ سے ملی ہے۔ اس کی جیب کے چار پیسوں کی وجہ سے ملی ہے، جمہوریت کی تشکیل کی وجہ سے ملی ہے، اسی ہندستان کے بطن سے نکلنے والے دو جڑواں بچے، مشرقی اور مغربی پاکستان ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

افغان گلوکارہ نے پاکستان میں اپنی موت کی خبروں کو مسترد کر دیا

پاکستان میں خود کو بہت محفوظ خیال کرتی ہوں، کار حادثے میں میرا موبائل گم ہو گیا تھا



پشاور (شوبز نیوز) معروف افغان گلوکار حسیبہ نور نے پاکستان میں اپنی موت کی خبروں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کسی نے ان کے کار حادثے کی تصاویر سوشل میڈیا پر اپلوڈ کر کے جھوٹی خبریں پھیلائیں۔ ایک ویڈیو بیان میں گلوکارہ کا کہنا ہے کہ خبریں چلانے والوں کو مجھ سے براہ راست رابطہ کرنا چاہئے تھا یا میری فیملی سے معلومت حاصل کرنی چاہئے تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ موت کی جعلی اور جھوٹی خبروں نے جہاں انہیں ذہنی اذیت پہنچائی وہیں ان کے افغانستان میں موجود فیملی کے افراد بھی پریشانی کا شکار ہوئے۔

اداکارہ زارا نور عباس اولاد میں شوہر جیسی خصوصیات کی خواہاں

اداکارہ زارا نور عباسی 2017 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے

لاہور (شوبز نیوز) ڈرامہ سیریل عہد وفا سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ زارا نور عباس نے اولاد میں شوہر جیسی خصوصیات کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں اداکارہ زارا نور نے کہا کہ جب بھی مستقبل میں میری اولاد ہوگی، میں یہ چاہوں گی کہ اس کے اندر بالکل اپنے والد جیسی پیاری سی مسکراہٹ ہو، خصوصاً ایک اچھے سے دل کا مالک بھی ہو۔ یاد رہے کہ اداکار اسد صدیقی اور اداکارہ زارا نور عباسی 2017 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے، اسد صدیقی خود رشتہ لے کر زارا کے گھر گئے تھے جبکہ اس موقع پر سجل علی، گلوکار عاصم اظہر اور اداکار یاسر حسین بھی موجود تھے۔ زارا اور اسد کے ہاں پہلے بچے کی متوقع پیدائش کی خبریں ستمبر 2021 میں سامنے آئی تھیں تاہم بدقسمتی سے ان کا بچہ پیدائش کے چند روز بعد ہی انتقال کر گیا تھا۔ اپنے ایک بیان میں اداکارہ زارا نور نے کہا کہ جب بھی مستقبل میں میری اولاد ہوگی، میں یہ چاہوں گی کہ اس کے اندر بالکل اپنے والد جیسی پیاری سی مسکراہٹ ہو، خصوصاً ایک اچھے سے دل کا مالک بھی ہو۔ یاد رہے کہ اداکار اسد صدیقی اور اداکارہ زارا نور عباسی 2017 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے، اسد صدیقی خود رشتہ لے کر زارا کے گھر گئے تھے جبکہ اس موقع پر سجل علی، گلوکار عاصم اظہر اور اداکار یاسر حسین بھی موجود تھے۔ زارا اور اسد کے ہاں پہلے بچے کی متوقع پیدائش کی خبریں ستمبر 2021 میں سامنے آئی تھیں۔

اداکار فیروز خان نے بچوں سے دوری کا ذمہ دار خود کو ٹھہرا دیا

فیروز خان اپنی سابقہ اہلیہ علیزے سلطان سے علیحدگی کے بعد اکثر موضوع بحث رہتے ہیں



لاہور (شوبز نیوز) اداکار فیروز خان نے بچوں سے دوری کا ذمہ دار خود کو ٹھہرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان شوبز انڈسٹری کی جانی مانی شخصیت فیروز خان نے بچوں سے ملاقات کے ویڈیو جاری کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اداکار نے ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا جس میں انہیں اپنے دونوں بچوں کے ساتھ قیمتی لمحات گزارتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں فیروز خان اپنی بیٹی فاطمہ کو گود میں لیے ایک کرسی پر بیٹھے ہیں جب کہ بیٹا سلطان ساتھ ہی کھڑا کیمرے کے سامنے مسکرا رہا ہے۔

مکیش امبانی کا عالیہ بھٹ کا برانڈ ''ایڈ اے ماما'' خریدنے پر غور

امبانی اور ایشا نے برانڈ کو خریدنے کیلئے 350 کروڑ کی پیشکش کی ہے



ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کے بزنس آئیکون کھرب پتی مکیش امبانی بالی ووڈ سپر سٹار عالیہ بھٹ کے برانڈ ''ایڈ اے ماما'' کو خرید رہے ہیں۔ میڈیا ذرائع کے مطابق مکیش امبانی اور ان کی صاحبزادی ایشا امبانی بچوں کے کپڑوں کے برانڈ میں بھی سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں اسی لئے انہوں نے عالیہ سے ڈیل کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ امبانی اور عالیہ کے درمیان ڈیل فائنل مراحل پر ہے اور اسے ایک ہفتے میں مکمل کر لیا جائے گا، بھارتی اداکارہ نے یہ برانڈ 2020 میں لانچ کیا تھا اور اس کے ذریعے بچوں کیلئے عمدہ اور مناسب قیمت میں کپڑے تیار ہوتے ہیں۔

لیجنڈ اداکار محمد علی کا 92واں یوم پیدائش (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (شوبز نیوز) پاکستانی فلم انڈسٹری کے لیجنڈ اداکار محمد علی کا 92واں یوم پیدائش آج 19 جولائی کو منایا جائے گا اس حوالے سے فلمی حلقوں کی جانب سے مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ محمد علی مرحوم کے پرستار سالگرہ کے کیک کاٹیں گے۔ معروف فلمی اداکار محمد علی 19 جولائی 1931ء کو بھارت کے شہر رام پور میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز ریڈیو پاکستان کراچی سے کیا انہوں نے پونے تین سو کے قریب فلموں میں کام کیا جن میں اردو، پنجابی، پشتو، بنگالی اور ہندی فلمیں شامل ہیں فلم ''چراغ جلتا رہا'' ان کے فلمی کیریئر کی پہلی فلم تھی۔

لوگ مجھے میرے بیٹے کی گرل فرینڈ سمجھتے ہیں، شائستہ لودھی کا شکوہ

بدقسمتی سے ہمارے ملک کے لوگوں کی ایسی عادت ہے کہ ہم اس بات کو طعنہ بنا دیتے ہیں

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی معروف ٹی وی اداکارہ، میزبان و ڈاکٹر شائستہ لودھی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ جب بھی شاپنگ پر جاتی ہیں تو لوگ انہیں ان کے بیٹے کی گرل فرینڈ سمجھتے ہیں۔ شائستہ لودھی نے حال ہی میں ڈیجیٹل پلیٹ فارم، یوٹیوب کے ایک چینل کو انٹرویو دیا ہے، شائستہ لودھی نے اس انٹرویو کے دوران معاشرتی برائیوں اور سوشل میڈیا پر پھیلی منفی سوچ سے متعلق بات کی۔ شائستہ لودھی نے انٹرویو کے دوران انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ وہ جب بھی اپنے بڑے بیٹے کے ساتھ باہر جاتی ہیں تو اکثر لوگ غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

ایسا ہمسفر چاہیے جو بے انتہا محبت کرے اور ہمیشہ کہا مانے

اپنی نئی فلم کے ہیرو عاشر وجاہت کے ہمراہ ایک شو میں شرکت کی، رومیسہ خان

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی سوشل میڈیا سٹار و اداکارہ رومیسہ خان نے کہا ہے کہ مجھے ایسا ہمسفر چاہیے جو مجھ سے بے انتہا محبت کرے اور میرا کہا کبھی رد نہ کرے۔ اداکارہ رومیسہ نے حال ہی میں اپنی نئی فلم کے ہیرو عاشر وجاہت کے ہمراہ ایک شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے شادی کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ شوہر میں ممکنہ خوبیوں سے متعلق سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ لسٹ تو بہت بڑی ہے پر جو بات میں سب سے پہلے دیکھوں گی وہ یہ ہے کہ فیملی کو کتنا وقت دیتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شادی ایک اچھی چیز ہے، جس کے ساتھ بھی آپ کی سوچ، عادات ملیں اور وہ آپ کو پسند بھی ہے تو شادی کر لینی چاہیے۔ پاکستانی سوشل میڈیا سٹار و اداکارہ رومیسہ خان نے کہا ہے کہ مجھے ایسا ہمسفر چاہیے جو مجھ سے بے انتہا محبت کرے اور میرا کہا کبھی رد نہ کرے۔ اداکارہ رومیسہ نے حال ہی میں اپنی نئی فلم کے ہیرو عاشر وجاہت کے ہمراہ ایک شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے شادی کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ شوہر میں ممکنہ خوبیوں سے متعلق سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا۔

سپورٹس SPORTS

زیم ایفرو ٹی۔10 لیگ 20 جولائی سے شروع ہوگی

پاکستان کے 8 نامور کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے

ہرارے (سپورٹس نیوز) زیم ایفرو ٹی۔10 لیگ کا افتتاحی ایڈیشن 20 جولائی کو زمبابوے کے دارالحکومت ہرارے میں شروع ہوگا جس میں پاکستان کے 8 نامور کھلاڑی مختلف ٹیموں میں ایکشن میں نظر آئیں گے۔ زیم ایفرو ٹی۔10 لیگ میں شریک 5 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کریں گی جن کے اپنے اپنے سکواڈز کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ ڈرافٹ کے مطابق ڈربن قلندر میں پاکستانی کھلاڑیوں آصف علی، محمد عامر، مرزا طاہر بیگ اور طیب علی کا انتخاب کیا گیا، محمد عرفان کیپ ٹاؤن اسمپ، شاہنواز دہانی ہرارے ہریکنز جبکہ عثمان شنواری اور محمد حفیظ جوہانسبرگ بفلیو کی جانب سے کھیلیں گے۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 20 جولائی سے ہوگا جس کا فائنل میچ 29 جولائی کو ہرارے سپورٹس کلب، ہرارے کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ زیم ایفرو ٹی۔10 لیگ کے تمام میچز ہرارے سپورٹس کلب میں کھیلے جائیں گے۔ ڈرافٹ کے مطابق ڈربن قلندر میں پاکستانی کھلاڑیوں آصف علی، محمد عامر، مرزا طاہر بیگ اور طیب علی کا انتخاب کیا گیا، محمد عرفان کیپ ٹاؤن اسمپ، شاہنواز دہانی ہرارے ہریکنز جبکہ عثمان شنواری اور محمد حفیظ جوہانسبرگ بفلیو کی جانب سے کھیلیں گے۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 20 جولائی سے ہوگا جس کا فائنل میچ 29 جولائی کو ہرارے سپورٹس کلب، ہرارے کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ زیم ایفرو ٹی۔10 لیگ کے تمام میچز ہرارے سپورٹس کلب میں کھیلے جائیں گے۔

فیفا ویمنز ورلڈ کپ کا نواں ایڈیشن کل سے شروع ہوگا

نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں ایک ساتھ شروع ہوگا جس میں 32 ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی

آکلینڈ (سپورٹس نیوز) فیفا ویمنز ورلڈ کپ کا نواں ایڈیشن 20 جولائی) کل (سے نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں ایک ساتھ شروع ہوگا جس میں 32 ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی۔ فٹ بال کی عالمی تنظیم فیفا کے زیر اہتمام خواتین کا یہ پہلا ورلڈ کپ ہے جس میں ایک سے زیادہ میزبان ملک ہیں اور یہ پہلا میگا ورلڈ کپ بھی ہے جو متعدد کنفیڈریشنز میں منعقد ہوگا، آسٹریلیا ایشین کنفیڈریشن میں جبکہ نیوزی لینڈ اوشینین کنفیڈریشن میں ہے۔ ایونٹ کا افتتاحی میچ نیوزی لینڈ اور ناروے کی ٹیموں کے درمیان ایڈن پارک، آکلینڈ میں 20 جولائی 2023 کو کھیلا جائے گا، اسی روز کا دوسرا میچ آسٹریلیا اور آئرلینڈ کی ٹیموں کے درمیان آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں کھیلا جائے گا۔ امریکا کی ویمنز ٹیم دفاعی چیمپئن ہے، امریکی ویمن فٹ بال ٹیم نے 2015 اور 2019 کا ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔

وزیراعظم نے سپیشل اولمپکس میں تمغے حاصل کرنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپیشل اولمپکس میں تمغے حاصل کرنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ منگل کو اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں انہوں نے سپیشل اولمپکس میں 11 گولڈ، 29 کانسی اور 40 چاندی کے تمغے جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپیشل اولمپکس میں تمغے حاصل کرنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ منگل کو اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں انہوں نے سپیشل اولمپکس میں 11 گولڈ، 29 کانسی اور 40 چاندی کے تمغے جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپیشل اولمپکس میں تمغے حاصل کرنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ منگل کو اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں انہوں نے سپیشل اولمپکس میں 11 گولڈ، 29 کانسی اور 40 چاندی کے تمغے جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپیشل اولمپکس میں تمغے حاصل کرنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ منگل کو اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں انہوں نے سپیشل اولمپکس میں 11 گولڈ، 29 کانسی اور 40 چاندی کے تمغے جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیا۔

گال ٹیسٹ، سعود شکیل نے 2 بڑے اعزاز اپنے نام کر لیے

سعود شکیل نے منفرد اعزاز اپنے نام کرتے ہوئے جاوید میانداد کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

گال (سپورٹس نیوز) مڈل آرڈر بلے باز سعود شکیل سری لنکن سرزمین پر ڈبل سنچری بنانے والے پہلے پاکستانی بن گئے ہیں۔ گال ٹیسٹ کے تیسرے روز سعود شکیل نے جے سوریا کو چوکا لگا کر اپنی ڈبل سنچری مکمل کی جس کے ساتھ ہی انہوں نے لنکن سرزمین پر سب سے بڑے انفرادی سکور کا ملکی ریکارڈ بھی اپنے نام کر لیا۔ اس سے قبل محمد حفیظ نے 2012 میں کولمبو ٹیسٹ میں 196 رنز سکور کیے تھے۔ دوسری طرف سعود شکیل نے منفرد اعزاز اپنے نام کرتے ہوئے جاوید میانداد کو بھی پیچھے چھوڑ دیا، 27 سالہ بیٹر کیریئر کی ابتدائی 11 ٹیسٹ اننگز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے پاکستانی۔

عرفان خان نیازی کی فالکن فٹ بال کلب کے کھلاڑی محمد رافع عباسی کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) فالکن فٹ بال کلب اسلام آباد کے صدر وسابق منیجر قومی فٹ بال ٹیم عرفان خان نیازی اور سیکرٹری عبدالوحید نے فالکن فٹ بال کلب کے کھلاڑی محمد رافع عباسی کے والد کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ایشیا کپ: پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 2 ستمبر کو کھیلے جانے کا امکان

خیال رہے کہ ایشیا کپ ہائبرڈ ماڈل کے تحت پاکستان اور سری لنکا میں کھیلا جانا ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) کرکٹ ایشیا کپ 2023 میں روایتی حریف پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 2 ستمبر کو کھیلے جانے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایشیا کپ 2023 کے اہم میچ میں دونوں ٹیمیں 2 ستمبر کو کینڈی میں مد مقابل ہوں گی، ایشیا کپ 2023 کے شیڈول کا باقاعدہ اعلان آج کیا جائے گا۔ خیال رہے کہ ایشیا کپ ہائبرڈ ماڈل کے تحت پاکستان اور سری لنکا میں کھیلا جانا ہے، ایونٹ کے 4 میچز پاکستان جبکہ بقیہ 9 میچز سری لنکا میں کھیلے جائیں گے۔

PAKISTA
INDIA

الفیصل کلب اسلام آباد پریمیئر فٹ بال لیگ میں شرکت کر رہی ہے۔ شدیر خان

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) الفیصل فٹ بال کلب کے صدر محمد شدیر خان نے کہا ہے کہ الفیصل کلب اسلام آباد پریمیئر فٹ بال لیگ میں شرکت کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پریمیئر فٹ بال لیگ میں دس بہترین ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں الفیصل کلب، پاک سپورٹنگ کلب، مہران کلب، گنگال کلب، فالکن کلب، نشتر کلب، پوپو کلب، راوی کلب، روور کلب اور ایجوکیشن کلب شامل ہیں، میچز سنگلز لیگ کی بنیاد پر کھیلے جا رہے ہیں۔ الفیصل کلب آئندہ پاک سپورٹنگ کلب، گنگل کلب، فالکن کلب، مہران کلب اور نشتر کلب کے خلاف میچ کھیلے گی۔ کلب کی کارکردگی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں شدیر خان نے کہا کہ جیت ہار کھیل کا حصہ ہوتا ہے اگر کھلاڑی جذبے کے ساتھ متحد ہو کر کھیلے تو انشاءاللہ ٹورنامنٹ میں کلب کی شاندار کارکردگی ہوگی۔

ٹی 20 ورلڈ کپ سے قبل پاکستان نیوزی لینڈ کیخلاف 10 اضافی میچز کھیلے گا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اعلان کیا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم 2023-24 کے سیزن میں نیوزی لینڈ کے خلاف 10 اضافی ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔ پاکستانی کرکٹ ٹیم آسٹریلیا میں 14 دسمبر سے 7 جنوری تک آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے تین میچ کھیلنے کے بعد نیوزی لینڈ پہنچے گی جہاں وہ پانچ ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیلے گی جو دراصل میگا ایونٹ کیلئے اسکی تیاریوں کا آغاز ہوگا، یہ پانچ میچز 12 سے 21 جنوری تک کھیلے جائیں گے۔ پاکستانی کرکٹ ٹیم کے دورہ نیوزی لینڈ کے جواب میں کیویز کی ٹیم اپریل 2024 میں پاکستان کا دورہ کرے گی۔

دوستانہ میچ، پاکستانی ویمنز فٹبال ٹیم کو سنگاپور کے ہاتھوں شکست

پاکستان اور سنگاپور کے درمیان کھیلا جانے والا میچ کا پہلا ہاف بغیر کسی گول کے برابر رہا

سنگاپور (سپورٹس نیوز) سنگاپور نے پاکستان کو دوستانہ ویمنز فٹبال میچ میں ایک صفر کی شکست دے دی۔ سنگاپور میں پاکستان اور میزبان ٹیم کے درمیان دو دوستانہ میچز کھیلے جانے تھے لیکن پاکستانی ٹیم کو این او سی اور ویزے کے اجرا میں تاخیر کے باعث دورے کا پہلا میچ منسوخ کر دیا گیا تھا۔ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان کھیلا جانے والا میچ کا پہلا ہاف بغیر کسی گول کے برابر رہا، فیصلہ کن گول فرح نور زہرہ نے 81 ویں منٹ میں کر کے ٹیم کو فتح دلوا دی۔ فٹبال میچ میں ایک صفر کی شکست دے دی۔ سنگاپور میں پاکستان اور میزبان ٹیم کے درمیان دو دوستانہ میچز کھیلے جانے تھے لیکن پاکستانی ٹیم کو این او سی اور ویزے کے اجرا میں تاخیر کے باعث دورے کا پہلا میچ منسوخ کر دیا گیا تھا۔ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان کھیلا جانے والا میچ کا پہلا ہاف بغیر کسی گول کے برابر رہا، فیصلہ کن گول فرح نور زہرہ نے 81 ویں منٹ میں کر کے ٹیم کو فتح دلوا دی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
20 جولائی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 20 جولائی 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 0200 بجے تک اسلام آباد سرکل، انگوری، این سی پی، منگیال، شاہدرہ، شاہ پور، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، قائد اعظم یونیورسٹی، بری امام، منڈالہ، اتھال، این آئی ایچ، اپر ٹوپہ، پتریاٹہ، ٹی ڈی سی پی فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، ہائی وے، ضیا مسجد، سروس روڈ ایسٹ، اقبال ٹاؤن فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، ہسکول، پڑیال، کہوٹہ سٹی۔ II، حنیف شہید، اولڈ روات، نیو روات، سی ڈبلیو او، اے او ڈبلیو اینڈ ایس، سپارکو فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، بڈھانہ، فضاہیہ، عزیز آباد فیڈرز، چکوال سرکل، دولتالہ، آدی، ڈیرہ مسلم، بی ایس شاہ، بشارت، تھرپال فیڈر، اٹک سرکل، میاوالہ، ٹیکسلا۔ I&II، شیر شاہ سوری، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ فیڈرز، جہلم سرکل، کھوال، جاکھڑ، 9 - F چک دولت، سموٹ، اسلام پورہ، کنگر، سکیم۔ I فیڈرز، دن 03:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک راولپنڈی کینٹ سرکل، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک۔ 1، کار چوک، مورگاہ، فوجی فونڈیشن، محبوب شہید فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا دن 04:00 بجے تک جی ایس او سرکل، سٹی۔ II، چوہی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بندر ہے گی۔

بقیہ 1

والی بے ضابطگیوں کو درست کرنے کی بھی ہدایت کردی۔

بقیہ 2

حوالے سے تجاویز کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ الیکشن آئین کے مطابق مقررہ وقت پر ہونے چاہئیں، امید ہے نگران وزیراعظم کیلئے اتحادیوں کی مشاورت سے متفقہ نام پر اتفاق کیا جائے گا۔ چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ شفاف انتخابات کیلئے غیر جانبدار سیٹ ضروری ہے، ملکی حالات اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں آئینی طریقہ کار کے مطابق چلا جائے، چودھری شافع حسین نے کہا کہ نگران سیٹ بالکل بھی متنازع نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ 3

اور چاندی کے تار سے سلائی اور کڑھائی کر کے تیار کیا جاتا ہے۔ نیا غلاف کعبہ 2 کروڑ سعودی ریال سے زائد لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ خانہ کعبہ کے غلاف کی تبدیلی کے وقت چاروں اطراف حفاظتی رکاوٹیں لگائی گئیں تھیں۔ پہلے پرانے غلاف کعبہ کو چاروں طرف سے انتہائی احتیاط اور مہارت کے ساتھ اتارا گیا جبکہ غلاف کو اوپر تک پہنچانے کیلئے الیکٹرونک لفٹرز استعمال کیے گئے۔ اس موقع پر موجود سیکڑوں عازمین نے غلاف کعبہ کی تبدیلی کا روح پرور نظارہ دیکھا۔ غلاف کعبہ پر سونے اور چاندی سے قرآنی آیات دل کش انداز میں تحریر کی گئی ہیں۔ غلاف کعبہ عمومی طور پر 16 ٹکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے جس کی لمبائی 50 فٹ اور چوڑائی 35 سے 40 فٹ کے درمیان ہوتی ہے۔ غلاف کعبہ ہر سال 9 ذی الحج کو تبدیل کیا جاتا تھا تاہم گزشتہ برس سے اس معمول میں تبدیلی لاتے ہوئے یکم محرم کو غلاف کعبہ تبدیل کیا گیا تھا اور اس سال بھی اس روایت کو برقرار رکھا گیا۔

بقیہ 4

خان نے 164 کے تحت مجسٹریٹ کے سامنے اعترافی بیان ریکارڈ کروایا جس میں انہوں نے سائفر کو ایک سوچی سمجھی سازش قرار دیا ہے۔ اعظم خان نے کہا کہ سائفر کے معاملے پر تمام کابینہ ارکان کو ملوث کیا گیا اور بتایا گیا کہ سائفر کو کیسے استعمال کیا جاسکتا ہے، سائفر کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سائفر کو غلط رنگ دے کر عوام کا بیانیہ بدل دوں گا۔ ذرائع کے مطابق اعظم خان نے اپنے اعترافی بیان میں کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے تمام تر حقائق کو چھپا کر سائفر کا جھوٹا اور بے بنیاد بیانیہ بنایا، تحریک عدم اعتماد سے بچنے کیلئے سائفر کو بیرونی سازش کا رنگ دیا گیا۔ اعظم خان نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے مجھ سے سائفر 9 مارچ کو لے لیا اور بعد میں گم کردیا، چیئرمین پی ٹی آئی نے سائفر ڈرامے کے ذریعے عوام میں ملکی سلامتی اداروں کے خلاف نفرت کا بیج بویا، منع کرنے کے باوجود سیکریٹ مراسلہ ذاتی مفاد کیلئے لہرایا۔

بقیہ 5

لارجر بنچ نے مذکورہ درخواستوں پر سماعت کی۔ اٹارنی جنرل کے دلائل دوران سماعت اٹارنی جنرل نے اپنے دلائل جاری رکھتے ہوئے عدالت کو وفاق کے مؤقف سے آگاہ کیا۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ کور کمانڈر ہاس پر حملہ 5:40 پر ہوا، حساس فوجی تنصیبات پر حملہ تقریباً ایک ہی وقت پر ہوا، 9 مئی کو ملک بھر کے حساس فوجی تنصیبات پر حملے 3 بجے سے لے کر 7 بجے تک کیے گئے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ پی اے ایف بیس میانوالی میں جہاں حصاری دیوار گرائی گئی وہاں معراج طیارے کھڑے تھے، پی اے ایف بیس میانوالی میں جہازوں کے استعمال کے لیے فیول بھی موجود تھا۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ کور کمانڈر ہاس لاہور کو شدید نقصان پہنچایا گیا، پنجاب میں 62 جگہوں پر حملہ کیا گیا جس میں 52 افراد زخمی ہوئے۔ اٹارنی جنرل نے نقصانات کے تخمینے سے عدالت کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں مجموعی طور پر 2 ارب 50 کروڑ روپے کا نقصان ہوا، جس میں فوجی تنصیبات کو پہنچنے والے نقصانات کا تخمینہ ایک ارب 99 کروڑ روپے ہے۔ 9 اور 10 مئی کے واقعات کی تصاویر عدالت میں پیش اٹارنی جنرل نے 9 اور 10 مئی کے واقعات کی تصاویر پیش کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ کس طرح جی ایچ کیو کے گیٹ نمبر ون پر حملہ کر کے حملہ آور اندر داخل ہوئے، جی ایچ کیو میں فوجی مجسمے کو توڑا گیا، جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی ہسٹری میوزیم پر حملہ کیا گیا، جی ایچ کیو میں آرمی سگنلز آفیسرز میس پر حملہ کیا گیا، آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی اور آئی ایس آئی حمزہ کیمپ راولپنڈی پر حملہ کیا گیا۔ اٹارنی جنرل نے کور کمانڈر ہاوس لاہور کی تصاویر بھی بینچ کو پیش کر دیں اور بتایا کہ حملہ آوروں نے 9 مئی کو پیٹرول بم بھی استعمال کیے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے سوال کیا کہ کیا مظاہرین نے مسجد پر بھی حملہ کیا؟ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے انہیں بتایا کہ مظاہرین نے 9 مئی کو کور کمانڈر ہاوس کے اندر مسجد پر بھی حملہ کیا، ایک حملہ آور نے کور کمانڈر کی وردی پہن لی تھی۔ چیف جسٹس پاکستان نے استفسار کیا کہ کیا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ فوج صرف گولی چلانا جانتے ہیں؟ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے جواب دیا کہ فوج ہتھیار چلانے میں مکمل تربیت یافتہ ہوتی ہے، 9 مئی کے واقعے پر فوج نے لچک کا مظاہرہ کیا ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ لاہور اور پشاور کو مکمل طور پر تباہ کیا گیا، تیمرگرہ میں سکول کو نقصان پہنچایا گیا، پنجاب رجمنٹ مردان سنیٹر، بلوچستان رجمنٹ ایبٹ آباد پر حملہ کیا گیا، موٹروے ٹول پلازہ سوات کو جلایا گیا مگر اس کاروائی کی ویڈیو نہیں، 9 مئی کو بلوچستان اور سندھ میں صورتحال قابو میں تھی۔ فل کورٹ بنانے کی استدعا منصور عثمان اعوان نے کہا کہ پاکستان کو اندرونی اور بیرونی دہشت گردی کا سامنا رہا لیکن ملک کی تاریخ میں اس سے پہلے ایسا نہیں ہوا، 9 مئی کے واقعات اچانک نہیں منظم طریقے سے کیے گئے۔ اٹارنی جنرل نے ایک بار پھر فل کورٹ بنانے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ ان وجوہات کی بنا پر فل کورٹ تشکیل دیکر مقدمے کی سماعت کرے۔ اٹارنی جنرل کے الزامات کی نوعیت بہت سنگین ہے: جسٹس منیب اختر اٹارنی جنرل نے بتایا کہ لیاقت حسین کیس اور 21ویں آئینی ترمیم میں بھی جرم سویلین نوعیت کا تھا۔ جس پر جسٹس مظاہر علی نقوی نے کہا کہ وہاں صورتحال بالکل مختلف تھی، آئینی ترمیم کر کے فوجی عدالتیں قائم کی گئی تھیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ ایسا پہلی بار ہوا کہ عوام نے فوجی تنصیبات پر حملے کیے، درخواست گزاروں نے جو نکات اٹھائے ان پر بھی بات کریں، سیکشن 7 کے تحت ملٹری کورٹس میں سزا کتنی ہے؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ سیکشن 7 اور 9 کے تحت ملٹری عدالتوں میں سزا 2 سال قید ہے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ یہی سزا زیادہ سے زیادہ بنتی ہے؟ اٹارنی جنرل نے بتایا کہ جی یہی سزا بنتی ہے۔

بقیہ 6

جب تک اعظم خان کے منہ سے نہیں سنوں گا، نہیں مانوں گا۔ عدالت پیشی کے موقع پر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اعظم خان ایماندار آدمی ہیں، جب تک ان کے منہ سے نہیں سنوں گا میں نہیں مانوں گا کہ انہوں نے یہ کہا ہے

بقیہ 7

تو اس پر معافی مانگتا ہوں، چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ 25 سال پہلے انصاف کے نام پر پارٹی بنائی، میرے چیف آف اسٹاف کو اٹھایا گیا اور کسٹوڈیل ٹارچر کا نشانہ بنایا گیا، میں نے اس پر ردعمل دیتے ہوئے جوش خطابت میں قانونی کارروائی کرنے کا کہا، میں نے جو کہا اس پر ان سے معافی بھی مانگنے گیا، اگر میں نے لائن کراس کی ہے تو میں معافی مانگتا ہوں۔ 06 جولائی کو ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ملک امان نے چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف خاتون جج دھمکی کیس میں ایک دن حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کرتے ہوئے 19 جولائی کو طلب کیا تھا۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی عبوری ضمانت میں 19 جولائی تک توسیع کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر نئے جوڈیشل کمپلیکس میں پیش ہونے کی ہدایت کی تھی۔ خیال رہے کہ 20 اگست کو سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف اسلام آباد کے علاقے صدر کے مجسٹریٹ علی جاوید کی مدعیت میں تھانہ مارگلہ میں انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا تھا کہ 20 اگست کو پاکستان تحریک انصاف رہنما شہباز گل کی گرفتاری کے خلاف عمران خان کی قیادت میں ریلی نکالی گئی جس کا راستہ زیرو پوائنٹ سے ایف 9 پارک تک تھا، اس دوران عمران خان کی تقریر شروع ہوئی جس میں انہوں نے اسلام آباد پولیس کے اعلیٰ ترین افسران اور ایک معزز خاتون ایڈیشنل جج صاحبہ کو ڈرانا اور دھمکانا شروع کیا۔ ریلی سے خطاب میں عمران خان نے اسلام آباد پولیس کے آئی جی اور ڈی آئی جی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے کہا تھا کہ ہم تم کو چھوڑیں گے نہیں۔ اس کے بعد انہوں نے عدلیہ کو اپنی جماعت کی طرف متعصب رویہ رکھنے پر بھی خبردار کرتے ہوئے کہا تھا کہ اب وہ بھی نتائج کے لیے تیار ہوجائیں۔ پیر کو اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف ڈسٹرکٹ ایڈیشنل خاتون جج زیبا چوہدری سے متعلق دیئے گئے بیان پر توہین عدالت کا نوٹس ڈسچارج کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کا بیان حلفی دیکھا ہے، عمران خان کے کنڈکٹ سے مطمئن ہیں، عمران خان نے نیک نیتی ثابت کی اور معافی مانگنے کیلئے جج کے پاس گئے۔ عدالت نے عمران خان کی معافی قبول کرلی تھی۔

بقیہ 8

کھیرے میں سیلابی پانی لوگوں کے گھروں میں داخل ہو گیا، پسرور انتظامیہ نے سیلابی الرٹ جاری کردیا۔ سیلابی پانی کی وجہ سے 10 دیہات کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا، گاں رپووالی، سیداوالی، کھیرے تمبوہ سمیت 10 دیہات کو جانے والے راستے بند ہوگئے، لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ آبپاشی کے مطابق نالہ ڈیک میں پانی گزرنے کی گنجائش 30 سے 35 ہزار کیوسک ہے، دیولی کے مقام پر حفاظتی بند نہ ہونے سے سیکڑوں ایکڑ اراضی زیر آب آ چکی ہے، ریسکیو ٹیمیں پانی میں پھنسے کسانوں کو نکالنے میں مصروف ہیں، انتظامیہ کی طرف سے فلڈ ریلیف کیمپ لگا دیے گئے ہیں۔ دوسری جانب دریائے چناب اور راوی میں طغیانی پیدا ہونے لگی، بھارت نے دریائے چناب میں سیلابی ریلا چھوڑ دیا، دریائے راوی میں گرنے والے اوج نالے میں بھی طغیانی آ گئی، مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں 2 لاکھ کیوسک کا سیلابی ریلا داخل ہوگیا، دریائے چناب میں پانی کے بہامیں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ وزارت آبی وسائل کے مطابق اوج نالے سے دریائے راوی سے 1 لاکھ 80 ہزار کیوسک کا ریلا داخل ہوگیا، سیلابی ریلا ابھی بھارتی علاقے میں موجود ہے، بھارت کسی بھی وقت سیلابی ریلا چھوڑ سکتا ہے، دریائے راوی اور چناب میں اونچے درجے کے سیلاب کا خدشہ ہے۔

بقیہ 9

نکاسی کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے انچارج آر ڈبلیو ایم سی ولید عباسی سینٹری انسپکٹر اجمل وارثی کے ہمراہ مین بازار، سکھو روڈ اور شہر کے مختلف ایریاز کا دورہ کیا، اس موقع پر انھوں نے سینٹری انسپکٹر اجمل وارثی کو ہدایت کی کہ بارش سے متاثرہ نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی کے لئے فوری طور پر انتظامات کئے جائیں اور کسی بھی جگہ بارش کا پانی کھڑا نہ ہو بارش میں شہریوں کی سہولیات کے لیے ڈیوٹی کرنے والے ملازمین کو شاباش دی اس موقع پر اے سی گوجرخان کا کہنا تھا کہ بارش میں نشیبی علاقوں کا جائزہ لینے کا مقصد نکاسی آب کو فوری طور پر یقینی بنانا ہے تا کہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہوانھوں نے انتظامیہ کو ممکنہ بارشوں کے پیش نظر ہدایت کیں کہ تمام عملہ الرٹ رہے اور بارش کی صورت میں نشیبی علاقوں میں پانی کی جلد نکاسی کو یقینی بنایا جائے انھوں نے مزید ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نکاسی آب کے لیے وضع کردہ پلان پر عملدرآمد کرتے ہوئے ضروری آلات کے ذریعے نکاسی آب کو کم سے کم وقت میں یقینی بنایا جائے انھوں نے کہا کہ بارشی پانی کے جلد نکاس میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی شہریوں کو کسی صورت مشکل کا سامنا نہیں ہونا چاہئے شہریوں کو کسی دشواری کا سامنا کرنا پڑا تو غفلت کرنے والے عملے کی خلاف سخت کارروائی کی جائےگ

بقیہ 10

ڈویژن لیاقت علی چٹھہ، ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا ساجد صفدر نے گزشتہ روز علی الصبح گوالمنڈی، کٹاریاں پل، صادق آباد، کمیٹی چوک، نالہ لئی چوک، راجہ بازار، ڈھوک حسو، رتہ امرال، پیرودھائی، سمیت شہر کے دیگر نشیبی علاقوں کا دورہ کیا۔ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے بارش میں صفائی کے خصوصی انتظامات کئے۔ ورکرز نے برستی بارش میں ہی چھوٹی بڑی نالیوں کو اچھی طرح سے صاف کیا۔ اس موقع پر سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ کیلئے نالوں کی صفائی کی ہر ممکن وسائل سے صفائی یقینی بنائی جا رہی ہے افسران ورکرز کے ساتھ فیلڈ میں موجود ہیں۔ انہوں نے سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال، منیجر آپریشنز عامر یونس نائیک، مینیجر فلیٹ سید حسن سردار، ڈپٹی مینیجر فلیٹ توقیر خان اور دیگر آپریشن اسٹاف کے ہمراہ شہر کے نشیبی علاقوں کے مسلسل دورے کر کے نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں سے قبل شہر اور نالوں کی بروقت صفائی کے باعث شہری نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے کسی بھی مسئلے سے دوچار نہیں ہوئے۔ ورکرز بارش کے موسم میں نالیوں اور شہر کی صفائی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں، اس دوران آر ڈبلیو ایم سی کے افسران ورکرز کے ساتھ فیلڈ میں موجود ہیں۔ شہری شکایت ہمیں ہمارے ہیلپ لائن نمبر 1139 پر درج کرائیں یا راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سوشل میڈیا اکاونٹس پر اپنی شکایات بھیجیں ہم فوری شکایت کا ازالہ کریں گے۔ انہوں نے کہا آر ڈبلیو ایم سی شہر کی صفائی کیلئے پرعزم و کوشاں ہے۔ آر ڈبلیو ایم سی کے تمام ملازمین صفائی نصف ایمان ہے پر عمل پیرا ہیں۔ شہر کی صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ڈینگی کے خاتمے کیلئے صفائی وآگاہی مہم بھی زور وشور سے جاری ہے۔

بقیہ 11

مزید 3 پوائنٹس کا اضافہ ہوا جس کے بعد سکور 49 پر پہنچ گیا جبکہ بھارت کے جوہری مواد کی حفاظت کے پوائنٹس کا سکور بدستور 40 ہے۔ جوہری سہولیات کی حفاظت میں بھی پاکستان نے بھارت، ایران، میکسیکو، جنوبی افریقہ، مصر سمیت کئی ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا، جوہری سہولیات کی حفاظت میں پاکستان روس اور اسرائیل کے ساتھ 32 نمبر پر ہے، جوہری سہولیات کی حفاظت میں پاکستان کا سکور 61 جبکہ بھارت کا 52 ہے۔

بقیہ 12

میں مجموعی طور پر 1089 نمبرز حاصل کیے طالبہ کا کہنا ہے کہ یہ سب میرے والدین کی دعاں اور اساتذہ کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے کہ اس نے یہ اتنی بڑی کامیابی حاصل کی ہے مزید تعلیم حاصل کر کے ملک وقوم کا نام روشن کروں گی ادھر گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے سینیر ماہر قانون دان کے گوجرخان دفتر مبارک باد دینے والوں کا سلسلہ جاری ہے

بقیہ 13

سیاست اور الیکشن میں حصہ نہیں لینا چاہیے، الیکشن کروانا الیکشن کمیشن کا کام ہے، صاف اور شفاف الیکشن کیلئے ایک ایسا بندہ ہونا چاہیے جس پر سب کو اعتماد ہو۔ انہوں نے کہا کہ 90 روز میں الیکشن ایک آخری حد ہے، مطلب اس کے اندر ہی ہوں گے، 90 دن کا مطلب یہ نہیں کہ اسی دن ہوں، الیکشن 70 یا 60 دن میں بھی ہو سکتے ہیں، چاروں صوبائی اور قومی اسمبلی کا الیکشن ایک ہی دن ہوگا۔

بقیہ 14

پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گلگت بلتستان علم سے محبت کرنے والوں کی سرزمین ہے علم کے زیور سے مزین یہ تمام طلبہ و طالبات گلگت بلتستان کا حقیقی مستقبل ہیں۔ علم کے ان ہی علمبر دوں کے طفیل ہمارا مستقبل شاندار ہوگا۔ نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے تمام طلبہ و طالبات کے والدین اور اساتذہ کی بھرپور توجہ اور راہنمائی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انشاللہ گلگت بلتستان میں مسلم لیگ ن تعلیمی معیار تعلیمی سہولیات انڈومنٹ فنڈز میں مزید اضافے اور اعلی تعلیمی اداروں کے قیام کی کوششوں کو مزید آگے بڑھانے میں تمام توانائیاں صرف کرے گی

بقیہ 15

نہ ہونے کے باعث راولپنڈی میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا۔ اشیا خوردونوش، پھل، سبزی، زندہ مرغی سمیت دودھ، دہی سرکاری ریٹ پر بھی میسر نہیں۔ شہریوں اور میڈیا نمائندگان کی جانب سے متعدد بار انتظامیہ کی توجہ مبذول کروانے کے باوجود اشیا خوردونوش کے نرخ آسمان سے باتیں کر رہے ہیں۔ انتظامیہ کی پر اسرار خاموشی کے باعث سبزی، فروٹ، دودھ، دہی و دیگر اشیا غریب دیہاڑی دار طبقے کی قوت خرید سے باہر ہو گیا ہے۔ ایک عوامی سروے میں شہریوں نے کہا کہ صورتحال بدستور قائم ہے انتظامیہ نے مافیا کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے۔ پرائس مجسٹریٹس مارکیٹوں میں کہیں بھی نظر نہیں آتے جسکی وجہ سے ہر ایک دکاندار کے اپنے اپنے من مانے ریٹ ہیں کوئی بھی چیز سرکاری ریٹ پر نہیں مل رہی جسکی تمام تر ذمہ دار راولپنڈی انتظامیہ ہے۔ شہریوں نے حاکم وقت اور اعلی حکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر انتظامیہ کی موجودگی کے باوجود بھی ہر چیز مہنگی ملے تو سرکاری دفاتر میں افسران و اہلکاروں کو مفت کی تنخواہیں بھی نہ دی جائیں جو شہریوں کو ریلیف فراہم نہیں کروا سکتے۔ شہریوں نے کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ تمام تر صورتحال کا نوٹس لیں اور شہریوں کو ریلیف فراہم کروانے میں اپنا کلیدی کردار نبھائیں۔

بقیہ 16

کریں گی، جن میں مقررین سیدنا حضرت عمر فاروق رضہ کی سیرت، کردار، شجاعت و بہادری، بے مثال فتوحات اور کارناموں پر روشنی ڈالیں گے۔

بقیہ 17

بارشوں کے دوران سسٹم میں نمی کی شرح بڑھ جانے سے بجلی حادثات میں اضافہ ہو جاتا ہے، جن پر احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے خود کو اور اپنے پیاروں کو جانی اور مالی حادثات سے بچایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے صارفین سے درخواست کی ہے کہ وہ بجلی کے کھمبوں، تاروں، ٹرانسفارمرز اور میٹرز سے مناسب فاصلہ رکھیں اور انہیں ہرگز نہ چھوئیں۔ جسم گیلا ہونے کی صورت میں برقی آلات جیسے کہ فریج، موٹر، استری اور دیگر کو بالکل نہ چھوئیں۔ ننگے پاؤں کپڑے استری کرنے سے گریز کریں۔ جانوروں کو بجلی کے کھمبوں کے ساتھ یا ٹرانسفارمرز کے نیچے بالکل نہ باندھیں۔ بجلی کے سوئچ کو اسٹینڈ بائی پر نہ رکھیں بلکہ مکمل طور پر آف کریں۔ کہیں بھی بجلی کی ٹوٹی تار دیکھیں تو اس کے قریب نہ جائیں اور خاص طور پر چھوٹے بچوں کو بجلی سے متعلق احتیاطی تدابیر کے بارے میں ضرور آگاہ کریں۔ شارٹ سرکٹ کے باعث ہونے والے جانی و مالی نقصانات سے محفوظ رہنے کیلئے بجلی کی پرانی وائرنگ کو درست کروائیں۔ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں متعلقہ کمپلینٹ آفس کے نمبرز، آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 یا کمپلینٹ اینڈ مانیٹرنگ سیل کے نمبرز 051-9252933-34 پر کال کریں۔

بقیہ 18

تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

بقیہ 19

غیر ضروری سفر سے گریز کریں گاڑیوں کی رفتار، عام حالات کی نسبت کم رکھی جائے۔ ترجمان کے مطابق گاڑیوں کا درمیانی فاصلہ معمول سے زیادہ رکھا جائے وائپرز درست حالت میں ہوں اور ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی مدد کی صورت میں موٹروے پولیس ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے

بقیہ 20

بچے بڑے گھروں اور ہسپتالوں میں زیر علاج جبکہ ایک بچہ جاں بحق ہونے کی اطلاعات اور متعدد کی حالت تشویشناک تین دن پہلے ہونے والے اس واقعے نے جھنجھوڑ کر رکھ دیا اور فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی کا بھانڈا پھوڑ کر رکھ دیا شہری حلقوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی غفلت لاپرواہی اور چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے شہر اور گردونواح میں ایسے کہیں شوار ما اور دیگر سینکڑوں فوڈ پوائنٹس پر مضر صحت اشیا فروخت ہو رہی ہیں مگر فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں نہ ہونے کے باعث ملاوٹ مافیا و کھانے پینے سمیت مضر صحت اشیا فروخت کرنے والے کھل کر کھیل رہے ہیں اور موت بانٹ رہے ہیں جو فوڈ اتھارٹی کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ملاوٹ شدہ و مضر صحت کھانے و اشیا کھانے و پینے سے لوگ کہیں بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں اور جس کا منہ بولتا ثبوت یہ واقعہ ہے جو آج متاثرین کے سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا کی زینت بنا اور فوڈ اتھارٹی کی ناکامی ناقص کارکردگی کو چار چاند لگا گیا شہریوں نے حکام بالا سے سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تین روز قبل ریلوے روڈ پر واقع ایک شوارما شاپ سے شہریوں نے بڑی تعداد میں شوارمے کھائے اور کچھ اپنے بچوں کے لئے گھر بھی لے گئے جسکے کھانے سے فوڈ پوائزنگ ہوگئی جس پر متاثرہ افراد جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے ہسپتال پہنچ گئے ذرائع کے مطابق متعدد افراد کی طبیعت زیادہ خراب ہے اور وہ پرائیویٹ ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں مین بازار چوک میں ایک محنت کش اسد کے بیٹے اذان کی بھی شوارما کھانے سے ہلاکت کی اطلاعات ہیں گوجرخان شہر کی چند معروف کاروباری شخصیات کے قریبی عزیز رشتہ دار بھی زہریلا شوارما کھانے سے ہسپتال پہنچے ہوئے ہیں شوارما تیار کرنے والا ہارون نامی شخص اور اسکی فیملی بھی متاثرہ افراد میں شامل ہے اور اسکی شاپ بھی اسی دن سے بند ہے

بقیہ 21

کہ پولیس تھانہ جاتلی کی نااہلی کا یہ منہ بولتا ثبوت ہے کہ ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود ملزم کا تاحال گرفتار نہ ہونا پولیس کی ناقص حکمت عملی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے جبکہ اعلی حکام کی جانب سے زیادتی جیسے واقعات میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہونے کے دعوے بھی ٹھس ہو کر رہ گئے ہیں ایک طرف جدید سائنٹفک ٹیکنالوجی کا ڈھول پیٹا جاتا ہے اور اس طرح کے واقعات میں جدید ٹیکنالوجی کام کرنا چھوڑ دیتی ہے متاثرہ لڑکے منان حسین ولد ابرار حسین سکنہ چک بہادر تحصیل گوجرخان نے پولیس چوکی دولتالہ میں درخواست میں اپنا موقف دیتے ہوئے بتایا کہ میرے گاؤں کے رہائشی عثمان تنویر ولد تنویر حسین سکنہ چک بہادر نے مجھ سے موٹر سائیکل پر لفٹ مانگی میں اسے مطلوبہ جگہ اتارنے لگا تو اس نے پسٹل نکال لیا گن پوائنٹ پر مجھے اغوا کر کے روڈ سے ملحقہ ایک ویران جگہ پر لیجا کر مجھ سے گن پوائنٹ پر بدفعلی کی پسٹل کے بٹ مارے میری غیر اخلاقی ویڈیو اور فوٹو بنائے جنھیں سوشل میڈیا پر ڈالنے کی دھمکیاں بھی دیں پولیس تھانہ جاتلی نے متاثرہ لڑکے کی مدعیت میں گن پوائنٹ پر زنا بالجبر اور اغوا کی دفعات بجرم ت پ / 376 B367/292A/292B ت پ کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کرد

بقیہ 22

رہائشی علی مراد خاصخیلی سمیت اسکے خاندان کے پانچ افراد ساون خاصخیلی خواتین نسیم، آسیہ اور نازیہ خاصخیلی مضحر صحت کھانا کھانے سے زہر خوانی کا شکار ہوگئے جن کو فوری طور پر تعلقہ اسپتال ڈگری پہنچایا گیا جہاں انکو طبی امداد فراہم کی گئی علی مراد خاصخیلی نے بتایا کہ وہ رات گئے ہوٹل سے گھر کھانا لیکر آیا تھا جس کو کھانے کے بعد سب کی حالت غیر ہوگئی ہوٹل کا کھانا غیر معیاری تھا جس نے سب کی حالت غیر کردی تعلقہ اسپتال ڈگری میں ڈاکٹرز نے مریضوں کو طبی امداد فراہم کی ڈاکٹرز کے مطابق رات مضر صحت کھانا کھانے سے انکی طبیعت زیادہ بگڑی ہے انکو مزید علاج کے لیے حیدرآباد ریفر کیا جا رہا ہے واضح رہے ڈگری میں ہوٹلوں کے کھانوں کو چیک کرنے کا کوئی نظام موجود نہیں ہے متعلقہ ادارے اور محکمہ فوڈ کھانے کی کوالٹی برقرار رکھنے میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں مضر صحت تیل اور مصالحہ جات کا استعمال عام ہے

بقیہ 23

مسافر کو دل کا دورہ پڑا، کپتان نے فوری طور پر اے ٹی سی کو اطلاع دی، جہاز لینڈ ہوتے ہی سی اے اے کے ڈاکٹر نے مسافر کا طبی معائنہ کر کے اس کی موت کی تصدیق کی۔ سی اے اے حکام کے مطابق 34 سالہ مسافر کا تعلق ایبٹ آباد سے تھا نعش اہلیہ کے حوالے کر دی گئی۔ 26 جون 2020ء کو بھی پی آئی اے کے جہاز میں دوران پرواز مسافر جاں بحق ہو گیا تھا۔ پی آئی اے کی پرواز پی کے 9714 مدینہ سے لاہور آرہی تھی جس میں مسافر دلشاد حسین بھی سفر کر رہا تھا۔ ایئر پورٹ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا کہ مسافر دلشاد حسین پی آئی اے کی پرواز پی کے 9714 پر سفر کر رہا تھا کہ دوران پرواز طبیعت خراب ہونے پر جان کی بازی ہار گیا، تاہم مسافر کے جاں بحق ہونے کی وجہ طبیعت خراب ہونا ہی بتائی گئی۔ اسی طرح 5 مارچ 2018ء کو مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق مدینہ منورہ سے حیدرآباد جانے والی سعودی ایئر لائن کی ہندوستانی مسافر دوران پرواز جاں بحق ہوگئی۔ وہ عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس جا رہی تھی۔ ذرائع کے مطابق متوفیہ کی عمر 65 سال تھی۔ دوران پرواز اس کی حالت بگڑ گئی تو جہاز عملے نے مسقط میں ہنگامی لینڈنگ کی۔ ریاض میں ہندوستانی سفارتخانے کے ذرائع نے کہا ہے کہ جہاز عملے نے متوفیہ کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی تاہم وہ جاں بر نہ ہوسکی۔ متوفیہ کا نام شریفہ بیگم بتایا گیا تھا۔ مسقط میں ہندوستانی سفارتخانہ نے میت وصول کرلی تھی۔

بقیہ 24

جاری * ڈی پی او نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں سے فردا فردا ملاقات کی اور انکے مسائل دریافت کئے شہریوں کے مسائل سن کر متعلقہ پولیس افسران کو بذریعہ ٹیلیفون ہدایات جاری کی انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کے مسائل سے آگاہ ہو کر مسائل و تکالیف کا فوری ازالہ کرنا ہے اور شہری بلا جھجک مجھے اپنے مسائل سے آگاہ کر سکتے ہیں جنکی ہر ممکن مدد کو یقینی بنایا جائے گا مزید انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے مابین رابطہ مزید بہتر بنانا اور عوام کے ساتھ مل کر جرائم کا خاتمہ کرنا ہے#

بقیہ 25

ہدایات بھی جاری کی گئیں ہیں۔ نوٹسز کے اجراء کے باوجود کام جاری رکھنے والے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن کے دوران مین ملتان روڈ سے ملحقہ سڑک پر رپورٹ کی گئی عمارت بھی اضافی تعمیرات کی مسماری کے بعد سیل کر دی گئی ہے۔ مین جی ٹی روڈ پر اٹک پٹرول پمپ کے نزدیک انڈسٹریل بلڈنگ کے ساتھ اضافی دیواریں گرا دی گئیں ہیں۔ غوث گارڈن کے نزدیک کمرشل ایریا میں بلڈنگ پلان کی منظوری کے بغیر مزید تعمیر پر پابندی عائد کر دی گئی ہے عمارت میں نو تعمیر شدہ پشتے، دیواریں اور سلیب گرا دیئے گئے ہیں پی ٹی سی ایل ایکسچینج جلوموڑ کے نزدیک کمرشل ہال اور مین سائفن روڈ پر واقع دکانوں کے ساتھ غیر قانونی تعمیرات پر مالکان کے خلاف کارروائی کا آغاز ہو چکا ہے۔ واہگہ زون میں نشاندہی کردہ غیر قانونی تعمیرات پر نوٹسز کے اجراء کے بعد قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ داتا گنج بخش زون میں رپورٹ کردہ چار مقامات پر اضافی تعمیرات کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر بلدیات عامر میر کے احکامات پر نگران حکومت کے دوران بھی مقامی اداروں کے قوانین پر عملداری کو بلاتعطل یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 26

، پاکستان نے نئی ٹیکس چھوٹ، رعایت یا ایمنسٹی نہ دینے کی یقین دہانی کروا دی۔ پاکستان نے آئی ایم ایف کو یقین دہانی کروائی کہ ہاؤسنگ اور تعمیرات کے شعبے میں خامیاں دور کی جائیں گی، جبکہ آئی ایم ایف کو ایکسچینج ریٹ مارکیٹ میں مداخلت یا کوئی پابندی نہ لگانے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ آئی ایم ایف دستاویز کے مطابق توانائی شعبے میں بنیادی ٹیرف میں اضافے کا اطلاق یکم جولائی سے ہو گیا ہے۔ غریب ترین طبقے کو مہنگائی کے حساب سے ریلیف دینے کا عزم کیا گیا، جبکہ منی لانڈرنگ اور ٹیرر فنانسنگ کیخلاف فیٹف شرائط پر عملدرآمد کا عزم کیا گیا۔ دستاویز کے مطابق گریڈ 17 سے 22 کے افسران بیرونی اثاثے نہیں چھپا سکیں گے۔ بینکوں سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو معلومات تک رسائی ہو گی، اور اس حوالے سے تمام بینک ایف بی آر کو فیڈ بیک دینے کے پابند ہوں گے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ منتخب یا غیر منتخب عوامی نمائندوں کے سالانہ اثاثہ ڈکلیریشن کو عام کیا جائے گا، سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ سرکاری اداروں کی کارکردگی رپورٹ جاری کرے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بھی آئی ایم ایف معاہدے کی سخت شرائط پر مبنی تفصیلات سامنے آئی تھیں، جس کے مطابق ڈالر کے اوپن اور انٹربینک میں 1.25 فیصد سے زیادہ فرق نہیں ہو گا، 2024 میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ تنخواہوں پنشن کی مد میں اخراجات کو کم کیا جائے گا، پالیسیوں میں تبدیلی کیلئے آئی ایم ایف سے مشاورت کرنا ہوگی۔

بقیہ 27

میں اعتماد میں نہیں لیا جاتا، ایم کیو ایم نے نگران حکومت میں وزیراعلی سندھ کیلئے شعیب صدیقی کا نام تجویز کر دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نگران حکومت سمیت تمام اہم فیصلوں میں ایم کیو ایم پاکستان کو شامل کرنے کی ہدایت کر دی۔ یاد رہے کہ سندھ اسمبلی کو بھی قبل از وقت تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے پیپلز پارٹی قیادت سے صوبائی اسمبلی کی تحلیل کے حوالے سے مشاورت کی۔ ذرائع کے مطابق سندھ اسمبلی کو 10 اگست سے قبل تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا، سندھ اسمبلی کی تحلیل سے متعلق اتحادیوں کو بھی اعتماد میں لیا گیا۔ صوبائی اسمبلی کا الوداعی سیشن اگست کے پہلے ہفتے میں ہو گا۔ وزیراعلی مراد علی شاہ اسمبلی تحلیل کیلئے سمری گورنر سندھ کو ارسال کریں گے، صوبائی اسمبلی کی تحلیل کے بعد نگران حکومت کیلئے مشاورت ہوگی۔ سندھ اسمبلی کی مدت 13 اگست کو مکمل ہو رہی ہے۔ دوسری جانب حکمران اتحاد کی دو بڑی جماعتوں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی میں قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے معاملے پر اتفاق ہو گیا جس کے تحت آئندہ ماہ 8 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل کر دی جائے گی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد کسی بھی ایڈونچر سے پرہیز کیا جائے، اگر ایڈونچر ہوگا تو یقیناً اس کا ردعمل بھی ہوگا

بقیہ 28

انہوں نے حادثے کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حادثے میں جاں بحق افراد کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے متعلقہ حکام کو حادثے میں زخمی ہونے والوں کو بہترین طبی امداد کی فراہمی کی ہدایت کی۔ سپیکر قومی اسمبلی نے حادثے میں جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور سوگوار خاندانوں کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی

بقیہ 29

، چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف فی الفور ٹرائل چلایا جائے گا۔ سائفر تحقیقات کے لیے ایف آئی اے کو ہدایات جاری کر دی ہیں، سائفر معاملے پر عدالت نے حکم امتناعی واپس لے لیا ہے، عدالت کے حکم کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف تحقیقات کی جاسکتی ہیں، سائفر کو اپنے قبضے میں رکھنا غیر قانونی ہے۔ سرکاری اور حساس دستاویزات کو جلسوں میں لہرا کر غائب کر دیا گیا، آج پوری قوم کے سامنے پرنسپل سیکرٹری نے سابق وزیراعظم کو مجرم قرار دے دیا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کے اپنے ہی لوگ ان کے خلاف گواہیاں دے رہے ہیں، آج کا بیان ناقابل تردید ثبوت ہے، اب سزا سے نہیں بچ پائیں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری بھی ہوگی اور تفتیش بھی، 9 مئی کو اپنی ہی فوج کے خلاف حملے کرائے گئے، امریکا اور برطانیہ میں پاکستان کیخلاف انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مذموم مہم چلائی، جس ملک پر الزامات لگائے پھر بعد میں اسی سے مدد کی اپیل کرتے رہے، اسٹے آرڈرز کا زمانہ جاچکا، عدالت آئیں اور جواب دیں۔

بقیہ 30

معاف کئے گئے، جبکہ 2018 میں 66 کروڑ کے قرضے معاف کئے گئے۔ دستاویزات کے مطابق 2019 میں بینک ساڑھے 17 ارب روپے قرض کی وصولی میں ناکام رہا۔ دستاویزات کے مطابق بینک 2 سال میں کھاتے داروں کے مرنے، دیوالیہ ہونے یا پھر عدالت میں کیسز چلنے سے 18 ارب سے زائد نقصان کا سامنا کر چکا ہے۔ ریکارڈ کے مطابق قرض ہڑپ کرنیوالوں میں بیشتر کا تعلق لاہور، اوکاڑہ، جھنگ، ملتان، کوئٹہ اور سکھر سے ہے، بینک انتظامیہ نے اپنے موقف میں کہا ہے کہ زیرو ریکوری ایک باقاعدہ پراسیس ہے، تمام کیسز کو قانون کے مطابق دیکھ رہے ہیں، غبن یا دیگر کارروائیوں میں ملوث ملازمین کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 31

۔ اجلاس میں مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الغفور حیدری، مولانا قمر الدین، مولانا صلاح الدین، سینیٹر کامران مرتضی، مولانا امجد خان، سینیٹر مولانا عطاء الرحمان، خلیل احمد، مولانا غلام قادر، مفتی ابرار احمد خان، جلال الدین ایڈوکیٹ، مفتی روزی خان جبکہ مرکزی ناظم انتخاب مولانا عطاء الحق درویش نے خصوصی شرکت کی۔ تین روز سے جاری جمعیت علماء اسلام ف کے اجلاس میں اہم فیصلہ کیا گیا۔ جمعیت علماء اسلام نے آئندہ انتخابات میں کسی سیاسی جماعت سے اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ 32

کے لیے گہری اہمیت رکھتا ہے اور یہ ضروری ہے کہ ہم اس مہینے میں ایک دوسرے کے لیے افہام و تفہیم، ہمدردی اور احترام کے جذبے کو قائم رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ دعا ہے کہ اس محرم ہمیں پورے پاکستان میں امن، رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ترغیب ملے

بقیہ 33

کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ایس پی راول فیصل سلیم، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان، ایس ڈی پی اوز، انجمن تاجران میں شاہد غفور پراچہ، طارق جدون، سرجیل میر، حاجی سیف اللہ خان، شیخ محمد حفیظ، محمد ظفر قادری، منیر بیگ مرزا، طاہر تاج بھٹی، شیخ عبدالوحید، راجہ محمد جواد اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی، میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، سی پی او سید خالد ہمدانی نے انجمن تاجران سے فردا فردا بات چیت کی اور انکے مسائل دریافت کیے، سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ جرائم کی روک تھام کے لیے تاجر برادری کے ساتھ مل کر کام کریں گے، محرم الحرام میں سیکورٹی کے ساتھ شہریوں کی سہولت کو بھی مدنظر رکھا جائے گا، پیشہ وارانہ گداگری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جائیں گے، اہم تجارتی مراکز کے گردونواح میں موثر گشت یقینی بنائی جائے گی، خواتین کے بازاروں میں لیڈیز پولیس کو تعینات کرنے کا بھی حکم، انجمن تاجران نے کہا کہ امن و امان کے قیام کے سلسلہ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، ہمارا تعاون ہمیشہ رہا ہے یہ تعاون شہریوں کے مفاد میں ہے پولیس نے ہمارے مسائل ہمیشہ حل کیے، میٹنگ کے اختتام پر ملک وقوم کی حفاظت اور امن وسلامتی کے لیے دعا کی گئی محبت اور یگانگت کی فضاء کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کے عزم کا اظہار کیا گیا

بقیہ 34

نظر بند کیا گیا، ڈپٹی کمشنر لاہور کی جانب سے نظر بندی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ چوہدری پرویز الہی کیخلاف تین مقدمات درج ہیں، تھانہ قلعہ گجر سنگھ میں 2 اور تھانہ غالب مارکیٹ میں ایک مقدمہ درج ہے، سابق وزیراعلی پی ٹی آئی کے سرکردہ رہنما ہیں اس لیے نقص امن کا خدشہ ہوسکتا ہے۔ پولیس نے ضلعی انتظامیہ کو تھری ایم پی او کے تحت پرویز الہی کو نظر بند کرنے کی سفارش کی تھی۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الہی کی نظر بندی کے خلاف پنجاب حکومت کو درخواست گزار کا مؤقف سن کر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کی تھی۔ جسٹس علی باقر نجفی نے پرویز الہی کی نظر بندی کے احکامات کیخلاف دائر درخواست پر سماعت کی، عدالت نے پرویز الہی کے وکلاء کو متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔ دوران سماعت عدالت نے سرکاری وکیل سے استفسار کیا کہ الزامات کے علاوہ نظر بند رکھنے کیلئے آپکے پاس شواہد بھی موجود ہونے چاہئیں۔ عدالت نے پرویز الہی کے وکیل سے استفسار کیا کہ کیا آپ نے ڈپٹی کمشنر کو درخواست دی ہے

بقیہ 35

پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کا استعمال کیا جائے گا جبکہ انتخابی مہم کے لیے مختلف اشتہاری فرموں کی خدمات لی جائیں گی۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ ن لیگ نے قومی اسمبلی کی 125 نشستوں کے حصول کا ہدف مقرر کیا ہے جبکہ پنجاب اسمبلی کی کم از کم 200 نشستیں حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بھرپور اور جارحانہ انتخابی مہم کے دوران نواز شریف کی وطن واپسی کا بھی امکان ہے

بقیہ 36

برآمد ہوئیں، برآمدہ گاڑیوں میں ٹیوٹا کرولا کار، ٹیوٹا پاسو اور سوزوکی بولان شامل ہے، ملزم کے دیگر ساتھیوں اور سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنیوالے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے،

بقیہ 37

جاری کیا گیا تھا۔ سول جج قدرت اللہ نے پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کیخلاف غیر شرعی نکاح کیس قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کیا تھا، عدالت نے محمد حنیف کی دائر درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے نکاح کے وقت بشریٰ بی بی کی عدت مکمل نہیں ہوئی تھی، چیئرمین پی ٹی آئی کا نکاح لاہور میں ہوا لیکن دونوں بنی گالا میں قیام پذیر تھے، دونوں نے پہلے نکاح کے بعد کافی وقت بنی گالا میں گزارا۔ درخواست گزار کے مطابق عمران خان اور بشریٰ بی بی نے سب کچھ جانتے ہوئے عدت میں نکاح کیا، وکیل درخواست گزار رضوان عباسی نے دلائل کے دوران مختلف عدالتوں کے فیصلوں کا حوالہ بھی دیا، عدالت نے درخواست گزار رضوان عباسی کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا۔

بقیہ 38

جہانگیر کی 10 جنوری کو گرفتاری ظاہر کی، جے آئی ٹی سربراہ نے طیب جہانگیر پر تشدد کر کے مرضی کے بیانات لئے۔ وکیل میاں داؤد نے کہا کہ 6 ماہ کی تفتیش میں پراسیکیوشن ایک بھی ٹھوس شہادت اکٹھی نہیں کر سکی، اور استدعا کی کہ لاہور ہائیکورٹ شریک ملزم طیب جہانگیر کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے۔ دوران سماعت پراسیکیوشن کی طرف سے مقدمے کا ریکارڈ عدالت میں پیش کیا گیا۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ طیب جہانگیر کو شریک ملزم وقاص کے بیان پر نامزد کیا گیا۔ وکیل میاں داؤد نے کہا کہ طیب بٹ کی وقوعہ میں شمولیت یا سازش کی کوئی شہادت موجود نہیں۔ عدالت نے 5 لاکھ کے مچلکوں کے عوض ملزم طیب جہانگیر کی ضمانت منظور کرلی۔ خیال رہے کہ وزیر آباد فائرنگ واقعے میں اب تک مرکزی ملزم نوید سمیت 5 افراد کو حراست میں لیا جاچکا ہے

بقیہ 39

ٹیکس وصول کیا جائے گا، یوریا کھاد پر 5 فیصد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی وصول کی جائے گی، کھاد پر ٹیکس کی مد میں 34 ارب روپے کا اضافی ریونیو حاصل ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ غیر رجسٹرڈ کاروبار کو سپلائی پر اضافی جی ایس ٹی سے 23 ارب حاصل ہوں گے، بلڈرز اور ڈویلپرز پر ایڈوانس ٹیکس بڑھانے سے 15 ارب ریونیو ملے گا۔ نان فائلرز پر جائیداد کی ویلیو کا ایک فیصد ٹیکس لگانے سے 19 ارب حاصل ہوں گے، اس اقدام سے 46 ارب روپے کا ٹیکس ریونیو حاصل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق غیر منقولہ جائیداد کی سیل پر چیز پر ٹیکس 2 سے بڑھا کر 3 فیصد کر دیا گیا، شوگری ڈرنکس پر ایف ای ڈی 20 فیصد کرنے سے 8 ارب حاصل ہوں گے۔

بقیہ 40

سے پیش آیا جس میں موٹروے پر 4 بسیں، ایک کار اور ایک وین آپس میں ٹکرا گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں 35 افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو کے مطابق 11 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 41

پہاڑی سلسلہ تھا۔ زلزلے سے تاحال کسی کی جانی و مالی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی ہے

بقیہ 42

سطح پر محرم والحرام کے حوالے سے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا اور مجالس اور جلوسوں کے منتظمین سے ملاقات کی۔ اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں ذوہیب ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر محمد اکمل، چیف و پولیس افسران اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام اور عاشورہ کے موقع پر کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دیں، چیف افسران جلوسوں کے روٹس کی صفائی یقینی بنائیں جہاں جہاں گلیوں سڑکوں کی مرمت درکار ہے فوری پیچ ورک کروایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز مجالس اور جلوسوں کے منتظمین کے ساتھ قریبی رابطے میں رہیں، صرف روایتی اور رجسٹرڈ جلوس اور مجالس کی اجازت ہوگی، منتظمین مجالس کے وقت اور جلوسوں کے روٹس میں کوئی تبدیلی نہ کریں۔

بقیہ 43

پی جی کی درآمدات کا حجم 661 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ جون 2023 میں ایل پی جی کی درآمدات پر 35 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال جون کے مقابلہ میں 34 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال جون میں ایل پی جی کی درآمدات کا حجم 54 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ مئی کے مقابلہ میں جون میں ایل پی جی کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 44 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ مئی میں ایل پی جی کی درآمدات کا حجم 63 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو جون میں کم ہو کر 35 ملین ڈالر رہو گیا۔ واضح رہے کہ مالی سال 2023 میں پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 27 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 44

ٹیکورٹ میں جواب جمع کروا دیا جس کے مطابق ڈاکٹر شیریں مزاری کا نام پی سی ایل (پاسپورٹ کنٹرول لسٹ) میں ڈالا گیا ہے۔ ایف آئی اے نے عدالت کو بتایا کہ اسلام آباد پولیس کی درخواست پر ڈاکٹر شیریں مزاری کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالا گیا۔ بعدازاں عدالت نے جواب کی کاپی شیریں مزاری کو فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی سماعت ایک ہفتے کیلئے ملتوی کر دی۔

بقیہ 45

تفتیش میں مدد ملی۔ ڈی پی او نے مزید کہا ملزم سے پب جی گیم سے متعلق اور ذہنی کیفیت کی بھی تفتیش جاری ہے۔ جب کہ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے مظفر گڑھ کے علاقے تھرمل کالونی سے 3 بچیوں کی لاشیں برآمد ہونے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او ڈیرہ غازی خان سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ محسن نقوی نے افسوسناک واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کی جلد گرفتاری یقینی بنائی جائے اور ملزمان کو قانون کی گرفت میں لا کر مزید کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لواحقین کو انصاف کی فوری فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ نگران وزیر اعلی محسن نقوی نے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے اور انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ خیال رہے کہ مظفر گڑھ کی تھرمل کالونی میں رہائشی کوارٹر سے تین بہنوں کی لاش ملنے کے واقعہ میں اہم پیشرفت ہوئی تھی، 3 سگی بہنوں کا قاتل ان کا بڑا بھائی ہی نکلا، دوران تفتیش ملزم نے بہنوں کے قتل کا اعتراف کر لیا، واقعہ کی مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جدید طریقہ استعمال کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا، ملزم کی شناخت باسط کے نام سے ہوئی۔ ملزم بہانے سے بہنوں کو قریبی خالی رہائشی کوارٹر میں لے گیا اور چھری کے وار سے ان کو قتل کر دیا۔ پوسٹ مارٹم کے بعد تینوں بہنوں کی لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔

بقیہ 46

جا رہا ہے تا کہ انہیں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 47

کیا جا سکتا ہے۔ ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال نے بتایا کہ ہسپتال کا کنٹرول روم بھی شفٹ سسٹم کے تحت چوبیس گھنٹے کام کرے گا۔ ایم ایس نے کہا کہ فوکل پرسن کے زیر نگرانی ہسپتال کے مختلف شعبوں کی مینجمنٹ ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں جن میں سرجیکل، میڈیکل اور پیڈز (Peads) کی ٹیمیں شامل ہیں جو متعلقہ شعبوں کے سربراہ ڈاکٹرز کے زیر نگرانی کام کریں گی۔ اسی طرح ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ، ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ، شعبہ انتقال خون اور کلینیکل لیبارٹری سمیت مختلف شعبوں کو بھی سپیشل ٹاسک سونپے گئے ہیں۔ ایم ایس ڈاکٹر آصف محمود قاضی نے بتایا کہ محرم الحرام کے لئے ہیلتھ کور کانٹی جینسی پلان میں پرائیویٹ ہسپتالوں کو بھی آن بورڈ لیا گیا ہے۔ کانٹی جینسی پلان میں مزید بتایا گیا کہ ہسپتال میں کرائسس مینجمنٹ روم بھی ادویات کے ریزرو سٹاک اور طبی آلات کی دستیابی کے ساتھ قائم کیا گیا ہے

بقیہ 48

نے بھی اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ٹرانسمیشن لائنز کے تحفظ کیلئے ڈاکٹر رانا عبدالجبار خان کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سیکورٹی گارڈز کی بھرتی چوری کی وارداتوں کو کم کرنے اور این ٹی ڈی سی کے آپریشنز کو محفوظ بنانے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ این ٹی ڈی سی حکام اس پائلٹ پراجیکٹ سے مثبت نتائج کی توقع رکھتے ہیں اور ادارے کی بہتری کیلئے ایسے مزید اقدامات کرنے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔

بقیہ 49

رہیں گی۔ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم زبیر سے 01 پسٹول 30 بور، وارث خان پولیس نے ملزم احسن فاروق سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم عامر سہیل سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم مراد خان سے 01 پسٹول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 50

لگنے سے گر پڑا بلال کو ہسپتال لا رہے تھے کہ وہ راستے میں ہی دم توڑ گیا جبکہ ترکھانی کے علاقہ 219 گ ب کا رہائشی 12 سالہ عبدالرحمن گھر کی چھت پر کھیل رہا تھا کہ اچانک اس کا ہاتھ بجلی کی تاروں کو چھونے سے بجلی کا جھٹکا لگا اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا تاہم پولیس نے نعشیں ورثاء کے حوالے کر دیں۔

بقیہ 51

باسمتی 2020، پی کے 2021 ایرومیٹک، کسان باسمتی، نیاب سپر، این بی آر 2، پی کے 386 اور باسمتی ہائبرڈ کے ایس کے 111 ایچ کی لاب کی منتقلی 25 جولائی تک جبکہ شاہین باسمتی کی منتقلی 31 جولائی تک مکمل کر لیں۔ پنیری اکھاڑنے سے ایک دو دن پہلے دیکھ لینا چاہیئے کہ پنیری میں پانی موجود ہے۔ اگر پانی موجود ہو گا تو مٹی نرم ہونے کی وجہ سے پنیری کو اکھاڑتے وقت جڑیں نہیں ٹوٹیں گی۔ اگر پانی موجود نہ ہو تو پانی دے دینا چاہیئے تا کہ پنیری باآسانی اکھاڑی جاسکے۔ پنیری کی منتقلی کے وقت کھیت بالکل ہموار ہونا چاہیئے

بقیہ 52

الرٹ کر دیا گیا۔ محکمہ موسمیات کی پیشین گوئی ہے کہ اسلام آباد میں آنے والے دنوں میں مزید بارشیں متوقع ہیں، جس کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنرز، مجسٹریٹس، ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ، سی ڈی اے اور ریسکیو ایم سی آئی عملے کے ہمراہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے فیلڈ میں موجود ہیں۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کا مزید کہنا ہے کہ پیشگی اقدامات کی بدولت اس وقت ای الیون، جی نائن، ایچ تیرہ، آئی نائین، ایف سیون اور جی سیون کی کچی آبادی سے گزرنے والے نالوں میں پانی کی سطح نارمل اور کنٹرول میں ہے اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو اور ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی ٹیمیں ہائی الرٹ ہیں، اس کے ساتھ ساتھ ڈی واٹرنگ سیٹس موجود ہیں، جہاں کہیں سے شکایات موصول ہو رہی ہیں، وہاں سے پانی نکالا جا رہا ہے

بقیہ 53

اے کا منہ زور عملہ ٹی ایم او کو بھی خاطر میں نہیں لاتا جس کے باعث شہری آبادی کے مسائل میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے ہمارے ٹیکسوں سے حاصل شدہ پیسہ عوام کی فلاح و بہبود اور ہمارے مسائل کو حل کرنے کے لیے خرچ ہونا چاہیے بے لگام افسر عوام کے خادم بن کر مسائل حل کریں نہ کہ کسی کے آلہ کار بنیں جبکہ عوامی منتخب نمائندوں نے بھی شہر کے مسائل پر چپ سادھی ہوئی اگر ہر کام کہہ کر ہی کروانا ہے تو بلدیہ کے نااہل نکمے عملے کو فارغ کر دینا چاہیے جو ہمارے ٹیکسوں سے فری کی تنخواہیں لے رہا ہے اس اہم مسئلے پر سوشل میڈیا کے ذریعے متعدد بار انتظامیہ کی توجہ مبذول کروائی گئی کہ خراب سٹریٹ لائٹس کا نظام بہتر کر کے لائٹس فعال کی جائیں تا کہ رات کو راہ گیروں کی مشکلات کا خاتمہ ہو لیکن افسران شاہی کی جانب سے کوئی نوٹس نہ لیا گیا اور نہ ہی لائٹس فعال ہو سکیں شہریوں نے اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا حکام بالا شہری آبادی کے بڑھتے ہوئے مسائل کو ختم کروانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں اور بلدیہ کے نااہل نکمے عملے اور افسران کو یہاں سے نکال کر فرض شناس افسر اور عملے کو تعینات کریں

بقیہ 54

تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں پچاس کروڑ افراد ہیپا ٹائٹس کے مرض کا شکار ہیں جبکہ پاکستان میں ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد اس مرض سے متاثر ہیں۔ ملک کے دیگر علاقوں کی نسبت جنوبی پنجاب میں ہیپا ٹائٹس سے بچاؤ کے متعلق سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں جس کی وجہ سے جنوبی پنجاب میں جگر کے امراض کا پھیلاؤ دیگر شہروں کی نسبت زیادہ ہے۔

بقیہ 55

یز اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان کے ڈویژنل کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبہ بھر میں 74 کسان سہولت سینٹرز قائم کئے گئے ہیں جہاں معیاری زرعی ادویات کنٹرول ریٹ پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے حکم دیا کہ زرعی ادویات کے معیار کی جانچ کیلئے سیمپل ٹیسٹنگ شروع کی جائے۔

بقیہ 56

خطرے کا باعث ہیں اور شاہرات پر شہریوں کے سفر کو محفوظ بنانا پنجاب ہائی وے پٹرول کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 57

ڈی ایم اے، ایس ڈی ایم اے، ڈیم اتھارٹیز، تمام صوبائی محکمہ اریگیشن، اسلام آباد ایڈمنسٹریشن، سپارکو، ریسکیو 1122 نے بارشوں کے ممکنہ اثرات وسیلاب کے امکانات اور ریسکیو کی تیاریوں کے حوالے سے بریفنگ دی. محکمہ موسمیات کیمطابق ملک کے مختلف شہروں میں بارش جاری رہنے کا امکان ہے. جسکے ممکنہ اثرات میں نشیبی و پہاڑی علاقوں میں سیلاب و لینڈ سلائیڈ متوقع ہے. پی ڈی ایم اے پنجاب اور ریسکیو سروسز ایمرجنسی عملہ ومشینری بشمول ڈی واٹرنگ پمپس کے ہمراہ متوقع سیلابی صورتحال کے پیش نظر ہائی الرٹ پر رہیں. پنجاب اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کیمطابق آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران پانی کا تیز بہاؤ شاہدرہ کی نشیبی آبادیوں میں سیلاب کا باعث بن سکتا ہے. متعلقہ پنجاب انتظامیہ علاقہ مکینوں کو بروقت آگاہی دیتے ہوئے انخلاء کا عمل شروع کر یں، این ڈی ایم اے کی ہدایت متعلقہ محکموں کے مطابق منگلا، تربیلا وسملی ڈیم میں پانی کا بہاؤ فی الحال نارمل ہے. جی بی ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کیمطابق تمام راستے کلیئر کرنے کیلئے مشینری وعملہ مختلف جگہوں پر موجود اور ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں. ممبر آپریشن نے بارشوں سے پیدا ہونیوالی صورتحال کے پیشنظر متعلقہ صوبائی و ضلعی انتظامیہ کو الرٹ رہنے اور سیاحوں/مسافروں کو بروقت معلومات فراہم کرنے کی ہدایات دیں

بقیہ 58

کرنیوالی خاتون کی شناخت شازیہ افضال ساکن عثمانیہ پارک کے نام سے ہوئی۔ اطلاع پر ریسکیو ٹیموں نے لاش کی تلاش کیلئے آپریشن شروع کر دیا۔ پولیس تھانہ سٹی اور ریسکیو کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر موجود ہیں۔

بقیہ 59

مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، منشیات اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

بقیہ 60

شتہاری مجرم عبدالحمید کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سال سے پیرودھائی پولیس کو مطلوب تھے، واہ کینٹ پولیس نے رابری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم یوسف کو گرفتار کر لیا، ٹیکسلا پولیس نے رابری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم عبدالرحمان کو گرفتار کر لیا، ائیر پورٹ پولیس نے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان جمیل اور اعجاز کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سال سے ائیر پورٹ پولیس کو مطلوب تھے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ گرفتار اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کیساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں ملوث مجرمان کی گرفتاری انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 61

تعینات جبکہ ایس ایچ او تھانہ کھرڑیانوالہ کا کہنا ہے کہ ڈکیتی کرتے گرفتار 74 لو بکے کا رہائشی مسیح کانسٹیبل تھانہ بلوچنی میں تعینات ہے جس سے تفتیش کی جاری ہے

بقیہ 62

ہونگے، وطن واپسی کی حتمی تاریخ کے اعلان اور اس ضمن میں ہونے والے اجلاسوں میں مکمل جائزے کے بعد مزید لیگی رہنماؤں کو ذمہ داریاں بتدریج تفویض کی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار میاں نواز شریف کے قریبی اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء سابق رکن پنجاب اسمبلی امیدوار پی پی حلقہ 164 مرزا جاوید ن لیگیوں اور میڈیا سے کر رہے تھے انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی رہنماؤں کی خواہش ہے کہ وطن واپسی پر نواز شریف کا شاندار کا استقبال کر کے پنجاب میں کسی اور دوسری جماعت کو پوزیشن حاصل نہیں ہے جبکہ ایسے استقبال کی صورت میں انتخابی مہم از خود ہی مسلم لیگ ’’ن‘‘ کے حق میں مثبت کردار کی حامل ہوگی جب پرائمری سطح پر کارکنان مل کر نکلیں گے تو قافلے از خود بڑھتے جائیں گے، عوام میاں نواز شریف کو اپنے وطن میں دیکھنا چاہتے ہیں

بقیہ 63

مطابق ریسکیو 1122 کی ٹیمیں کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ریسکیو 1122 صوابی کی فری ہیلپ لائن پر رابطہ کریں، غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، بجلی کے ٹرانسفارمرز، کھمبوں اور لائن کے قریب جانے سے گریز کریں، پانی کی نہروں، تالابوں، دریاؤں پر تفریح کی غرض سے نہ جائیں، اپنے گھر کی چھتوں کو مضبوط بنائیں اور صاف رکھیں تا کہ پانی کا نکاس با آسانی ہو سکے، پینے کا پانی ابال کر پیئیں، کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں ریسکیو صوابی کی فری ہیلپ لائن 1122 پر 24 گھنٹے مفت کال کریں

بقیہ 64

بڑا پسند کیا اس سے پہلے گیت (میں نیں مکائے سانگے) سے بڑی مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔ یاد رہے کہ سنگر شاہجہان بلوچ پورے ملک میں گلوکاری سے اپنے فن کا لوہا منوا چکے اور گلوکاری کر کے اپنے فن کا لوہا منوا رہے ہیں۔ جس سے خوب داد وصول کر رہے ہیں۔ اور اس کے علاوہ اپنے فن سے ایوارڈ بھی وصول کر چکے ہیں#

بقیہ 65

ماردیں جو اس کے پیٹ میں لگیں جس پر ساجد کھچی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، مبینہ طور پر ساجد کھچی نے بعض افراد کیخلاف مقدمہ بھی درج کروا رکھا ہے اور ان کا کہنا ہے کہ ان ملزمان نے مقدمہ کی رنجش پر اسے قتل کرنے کی کوشش کی ہے، پولیس نے کارروائی شروع کر دی ہے۔

جمعیت علماء اسلام ف کا آئندہ انتخابات میں کسی سیاسی جماعت سے اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ

جمعیت علماء اسلام ف کے پی کے سمیت تمام قومی وصوبائی حلقوں میں اپنے امیدوار کھڑے کرے گی

اجلاس کی صدارت جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کر رہے ہیں۔ اجلاس میں دستوری ترامیم کو حتمی شکل دے دی گئی

اسلام آباد (خبر نگار) جمعیت علماء اسلام ف نے اہم اور بڑا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جمعیت علماء اسلام نے آئندہ انتخابات میں کسی سیاسی جماعت سے اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جمعیت علمائے اسلام کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس تیسرے روز بھی جاری رہا۔ جمعیت علمائے اسلام کے میڈیا سیل سے جاری بیان کے مطابق ترجمان جے یو آئی کے ترجمان اسلم غوری نے اجلاس کے حوالے سے کہا کہ اجلاس کی صدارت جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کر رہے ہیں۔ اجلاس میں دستوری ترامیم کو حتمی شکل دے دی گئی، آئندہ قومی وصوبائی انتخابات کے حوالے سے حتمی فیصلہ کیا جائے گا، اجلاس میں ملکی قومی سیاسی صورتحال پر طویل مشاورت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ قومی صوبائی انتخابات آئینی مدت کے اندر کرنے کی سفارش کی گئی ہے (بقیہ نمبر 31)



اسلام آباد: صدر نے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے علیحدہ علیحدہ سیشنز طلب کر لیے

محرم الحرام کے آغاز پر آئیے سب مل کر پاکستان میں امن اور ہم آہنگی کا پرچار کریں، شیری رحمان

محرم الحرام کے دوران امن اور رواداری کو فروغ دے کر ہم پاکستان کو ایک مضبوط اور متحد ملک بنا سکتے ہیں، وفاقی وزیر

یہ ضروری ہے کہ ہم اس مہینے میں ایک دوسرے کے لیے افہام وتفہیم، ہمدردی اور احترام کے جذبے کو قائم رکھیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی رابطہ سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران امن اور رواداری کو فروغ دے کر ہم پاکستان کو ایک مضبوط اور متحد ملک بنا سکتے ہیں۔ اپنے ایک ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے آغاز پر آئیے سب مل کر پاکستان میں امن اور ہم آہنگی کا پرچار کریں۔ یہ مہینہ مسلمانوں کے لیے گہری اہمیت رکھتا ہے اور یہ ضروری ہے کہ ہم اس مہینے میں ایک دوسرے کے لیے افہام وتفہیم، ہمدردی اور احترام کے جذبے کو قائم رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ دعا ہے کہ اس محرم ہمیں پورے پاکستان میں امن، رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ترغیب ملے۔ اپنے ایک ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے آغاز پر آئیے سب مل کر پاکستان میں امن اور ہم آہنگی کا پرچار کریں۔ یہ مہینہ مسلمانوں (بقیہ نمبر 32)

لاہور: محرم الحرام: امن وامان برقرار رکھنے کیلئے پنجاب میں فوج طلب کرنے کا فیصلہ

چوہدری پرویز الٰہی کو کیمپ جیل سے اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب تھری ایم پی او کے تحت جیل میں نظر بند ہیں

جسٹس علی باقر نجفی نے پرویز الٰہی کی نظر بندی کے احکامات کیخلاف دائر درخواست پر سماعت کی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس میں جیل ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پرویز الٰہی کو کیمپ جیل لاہور سے اڈیالہ جیل راولپنڈی منتقل کیا گیا، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کو کیمپ جیل سے رات 1 بجے لے جایا گیا اور وہ صبح 6 بجے اڈیالہ جیل پہنچے۔ پرویز الٰہی ایم پی او قوانین کے تحت جیل میں نظر بند ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل صدر تحریک انصاف اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کو تھری ایم پی او کے تحت ایک ماہ کیلئے کیمپ جیل میں (بقیہ نمبر 34)

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں محرم الحرام کے حوالے سے میٹنگ

ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور انجمن تاجران کے عہدیداران کی شرکت

پیشہ وارانہ گداگری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جائیں گے، سی پی او

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں محرم الحرام کے حوالے سے میٹنگ، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور انجمن تاجران کے عہدیداران کی شرکت سی پی او سید خالد ہمدانی نے انجمن تاجران سے فرداً فرداً بات چیت کی اور انکے مسائل دریافت کیے، جرائم کی روک تھام کے لیے تاجر برادری کے ساتھ ملکر کام کریں گے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں محرم الحرام (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: خاتون جج دھمکی کیس، چیئرمین تحریک انصاف نے معافی مانگ لی

مسلم لیگ (ن) کی انتخابی مہم کے لیے سلوگن سامنے آ گیا

بھرپور اور جارحانہ انتخابی مہم کے دوران نواز شریف کی وطن واپسی کا بھی امکان ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کی انتخابی مہم کے لیے سلوگن سامنے آ گیا، پارٹی کی اعلیٰ قیادت کی سفارشات پر سلوگن کی منظوری دے دی گئی۔ نواز شریف نے انتخابی مہم کے ابتدائی خدوخال کی بھی منظوری دے دی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی انتخابی مہم ''وزیر اعظم نواز شریف'' کے سلوگن سے چلائی جائے گی۔ اسی نعرے کے تحت نئے پارٹی نغمے اور ترانے تیار کروائے جائیں گے۔ نئے پارٹی نغموں وترانوں کی بھرپور تشہیر بھی کروائی جائے گی۔ انتخابی مہم کے لیے (بقیہ نمبر 35)

نیوٹاؤن پولیس کی اہم کارروائی، گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نیوٹاؤن پولیس کی اہم کارروائی، گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ 03 گاڑیاں برآمد۔ تفصیلات مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کامران احمد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ 03 گاڑیاں (بقیہ نمبر 36)

عدت کے دوران نکاح کیس قابل سماعت ہونے کا سیشن کورٹ کا فیصلہ چیلنج

عمران خان اور بشریٰ بی بی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں اپیل دائر کر دی

عدالت نے درخواست گزار رضوان عباسی کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عدت کے دوران نکاح کا کیس قابل سماعت قرار دینے کے سیشن کورٹ کے فیصلے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جانب سے دوران عدت نکاح کا کیس قابل سماعت قرار دینے کے فیصلے کیخلاف اپیل دائر کر دی گئی ہے، عمران خان نے وکیل شیر افضل مروت کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی۔ سیشن کورٹ نے دوران عدت نکاح کا کیس قابل سماعت قرار دیا تھا، عدالت نے عمران خان کو آج طلب کر رکھا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور بشریٰ بی بی کیخلاف عدت کے دوران نکاح کیس کا محفوظ فیصلہ سنایا تھا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت کے سول جج قدرت اللہ نے فیصلہ سنایا۔ عدالت نے عمران خان کیخلاف غیر شرعی نکاح قابل سماعت قرار دیا، جبکہ عمران خان اور انکی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 20 جولائی کیلئے نوٹس بھی (بقیہ نمبر 37)

وزیر آباد فائرنگ کیس میں شریک ملزم کی ضمانت منظور

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس شہرام سرور پر مشتمل ڈویژنل بنچ نے درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ شریک ملزم طیب جہانگیر کی طرف سے میاں داؤد ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ ملزم کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ پولیس نے طیب جہانگیر کو 4 نومبر 2021 سے گرفتار کر رکھا ہے، جے آئی ٹی نے طیب (بقیہ نمبر 38)

حکومت کا 254 ارب روپے اضافی ٹیکس وصولی کا پلان تیار

ذرائع کے مطابق غیر منقولہ جائیداد کی سیل پر چیز پر ٹیکس 2 سے بڑھا کر 3 فیصد کر دیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی حکومت نے 254 ارب روپے اضافی ٹیکس کی وصولی کا پلان بنالیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے آئی ایم ایف کو پیٹرولیم لیوی 60 روپے فی لیٹر کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ آئندہ مالی سال لیوی کی اوسط شرح 55 روپے لیٹر رہے گی، پیٹرولیم لیوی کی مد میں 79 ارب روپے اضافی وصول کیے جائیں گے۔ دوسری جانب بزنس انکم اور تنخواہ دار طبقے سے اضافی 30 ارب روپے وصولی بھی پلان کا حصہ ہے۔ ذرائع کے مطابق کھاد پر ٹیکس چھوٹ ختم کر کے 5 فیصد (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد موٹر وے پر 4 بسوں، کار اور وین میں تصادم 35 افراد زخمی

ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں 35 افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا

افسوس ناک حادثہ بارش کے باعث پھسلن کے وجہ سے پیش آیا جس میں موٹر وے پر 4 بسیں، ایک کار اور ایک وین آپس میں ٹکرا گئے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) اسلام آباد موٹر وے پر بارش کے باعث ٹریفک حادثے میں 35 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق افسوس ناک حادثہ بارش کے باعث پھسلن کے وجہ سے پیش آیا جس میں موٹر وے پر 4 بسیں، ایک کار اور ایک وین آپس میں ٹکرا گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں 35 افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو کے مطابق 11 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے۔ اسلام آباد موٹر وے پر بارش کے باعث ٹریفک حادثے میں 35 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق افسوس ناک حادثہ بارش کے باعث پھسلن کے وجہ (بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد: اسلام آباد موٹر وے پر 4 بسوں، کار اور وین میں تصادم، 35 افراد زخمی

ملک میں ایل پی جی کی درآمدات میں گزشتہ مالی سال کے دوران 2 فیصد اضافہ ہوا، ادارہ برائے شماریات

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ملک میں ایل پی جی کی درآمدات میں گزشتہ مالی سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر 2 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2023 میں ایل پی جی کی درآمدات کا حجم 675 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو مالی سال 2022 کے مقابلہ میں 2 فیصد زیادہ ہے۔ مالی سال 2022 میں ایل (بقیہ نمبر 43)

شیریں مزاری کا نام ای سی ایل سے نکلوانے کی درخواست، ایف آئی اے نے جواب جمع کروا دیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق ڈاکٹر شیریں مزاری کا نام ای سی ایل سے نکلوانے کی درخواست پر ایف آئی اے نے عدالت میں جواب جمع کروا دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں ڈاکٹر شیریں مزاری کی ای سی ایل (ایگزٹ کنٹرول لسٹ) سے نام نکلوانے کی درخواست پر جسٹس طارق محمود جہانگیری نے سماعت کی۔ دوران سماعت ایف آئی اے نے اسلام آباد ہا (بقیہ نمبر 44)

مظفر گڑھ میں تین بہنوں کا قتل، ملزم کا پب جی گیم کی لت کا شکار ہونے کا شبہ

مظفر گڑھ (نیوز رپورٹر) مظفر گڑھ میں تین مقتول بچیوں کے معاملے میں پورے خاندان کو شامل تفتیش کر لیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حسنین حیدر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کرائم سین سے ملنے والے شواہد نے ملزم کو مشکوک بنایا۔ ملزم نے ملحقہ کوارٹر کے کمرے میں بہنوں کو قتل کیا۔ تحقیقات میں قتل کی وجہ گھریلو معاشی مسائل اور والدین اور بچوں میں دوری سامنے آئی۔ انہوں نے مزید کہا اہل خانہ نے کافی دیر تک معاملے کو چھپایا اور پولیس کو نہیں بتایا تاہم 12 گھنٹوں میں ہی کیس کو حل کر لیا۔ ملزم پولیس سے بات چیت کے دوران بھی جھوٹ بولتا رہا لیکن اس کے ہاتھوں پر چوٹ اور خون کے نشانات سے (بقیہ نمبر 45)

کلاس فور کے 9 معذور ملازمین کا کنٹریکٹ ایکسٹینڈ کر کے ریگولر کر دیا گیا

206 پولیس اسٹیشن اسسٹنٹس اور سینئر اسٹیشن اسسٹنٹس کو ریگولر کرنے کا نوٹیفکیشن جاری

اہلکار محنت اور بہترین کارکردگی سے ادارے کی نیک نامی کا باعث بنیں، سی سی پی او لاہور

لاہور (جنرل رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر کی زیر صدارت پروموشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایس پی (آپریشنز) صہیب اشرف، ایس ایس پی (انویسٹی گیشن) انوش مسعود چوہدری اور ایس پی (سیکورٹی ڈویژن) خالد محمود افضل نے شرکت کی۔ اجلاس نے کلاس فور کے 9 معذور ملازمین کا کنٹریکٹ ایکسٹینڈ کر کے ریگولر کرنے کی منظوری دی۔ اس موقع پر فرنٹ ڈیسک پر خدمات سرانجام دینے والے 206 پولیس اسٹیشن اسسٹنٹس اور سینئر اسٹیشن اسسٹنٹس کو ریگولر کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ اس حوالے سے آج یہاں جاری ایک بیان میں سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ریگولر ہونے والے ملازمین اپنی محنت اور بہترین کارکردگی سے ادارے کی نیک نامی کا باعث بنیں اور عوامی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس ملازمین کے نوکری سے متعلقہ معاملات کو بہترین انداز سے نمٹایا (بقیہ نمبر 46)

ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ایم ایس، ڈاکٹر آصف محمود قاضی کا اہم اقدام

محرم الحرام کے سلسلہ میں ہسپتال کا خصوصی ہیلتھ کورکانٹی جینسی پلان جاری کر دیا

بھکر (ظفر اعوان) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ڈی ایچ کیو (ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ) ایم ایس (ڈاکٹر آصف محمود قاضی نے محرم الحرام کے سلسلہ میں ہسپتال کا خصوصی ہیلتھ کورکانٹی جینسی پلان جاری کر دیا ہے جس کے لئے ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ) اے ایم ایس (ڈاکٹر احسان اللہ خان کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے جن سے دفتر کے فون نمبر 98 04539200197-یا موبائل فون نمبر 03336847357 پر رابطہ (بقیہ نمبر 47)

لاہور: این ٹی ڈی سی: ٹرانسمیشن لائنز کی حفاظت کیلئے 100 مقامی سکیورٹی گارڈز کی خدمات حاصل

NTDC ٹرانسمیشن لائنز کی حفاظت کیلئے 100 مقامی سکیورٹی گارڈز کی خدمات حاصل

خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر رانا عبدالجبار خان نے سندھ میں ٹرانسمیشن لائنز کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے این ٹی ڈی سی کے اس اقدام کی اہمیت پر زور دیا

این ٹی ڈی سی حکام اس پائلٹ پراجیکٹ سے مثبت نتائج کی توقع رکھتے ہیں اور ادارے کی بہتری کیلئے ایسے مزید اقدامات کرنے کیلئے سرگرم عمل ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) این ٹی ڈی سی کے مطابق ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی نے ساتھ ریجن میں ٹرانسمیشن لائن میٹریل کی بڑھتی ہوئی چوری سے نمٹنے کیلئے نجی سکیورٹی ایجنسی سے 100 مقامی سکیورٹی گارڈز کی خدمات حاصل کی ہیں، یہ سکیورٹی گارڈز ٹرانسمیشن لائنز کی حفاظت کے ذمہ دار ہوں گے۔ سگما سکیورٹی سروسز کے نئے بھرتی کیے گئے سکیورٹی گارڈز کی حلف برداری کی تقریب حیدرآباد کلب میں منعقد ہوئی، مینجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی انجینئر ڈاکٹر رانا عبدالجبار خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے سکیورٹی گارڈز سے حلف لیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر رانا عبدالجبار خان نے سندھ میں ٹرانسمیشن لائنز کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے این ٹی ڈی سی کے اس اقدام کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سکیورٹی گارڈز ان مذموم سرگرمیوں میں ملوث مجرموں کی شناخت کیلئے مقامی انٹیلی جنس نیٹ ورک قائم کرنے میں مدد کریں گے، یہ ایک آزمائشی منصوبہ ہے اور اسکی کامیابی مستقبل میں ایسے مزید منصوبوں کے آغاز کا باعث بنے گی جس کے نتیجے میں مزید افرادی قوت کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ ڈاکٹر رانا عبدالجبار خان نے سکیورٹی گارڈز پر زور دیا کہ وہ ادارے کے ساتھ وفادار رہیں اور این ٹی ڈی سی کے اہداف کے حصول کے لیے بے لوث کام کریں۔ چیف سکیورٹی افسر این ٹی ڈی سی اور جنرل منیجر) ایسیٹ مینجمنٹ (ساتھ (بقیہ نمبر 48)

سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

زلزلے کی شدت 5.1 ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ زیر زمین گہرائی 206 کلومیٹر تھی

پشاور (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات اور اس کے گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق زلزلے کے جھٹکوں نے شہریوں کو خوف میں مبتلا کر دیا اور وہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.1 ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ زیر زمین گہرائی 206 کلومیٹر تھی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش کا (بقیہ نمبر 41)

ڈپٹی کمشنر گجرات کا ڈی پی او کے ہمراہ تحصیل کھاریاں اور تحصیل سرائے عالمگیر کا دورہ

لالہ موسیٰ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر گجرات صفدر حسین ورک نے ڈی پی او احمد نواز شاہ کے ہمراہ تحصیل کھاریاں اور تحصیل سرائے عالمگیر کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز دفاتر میں تحصیل (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: شیری رحمان کی محرم الحرام کے آغاز پر عوام سے امن، رواداری اور احترام کی اپیل

فیصل آباد، کرنٹ لگنے کے واقعات میں 12 سالہ لڑکے سمیت 2 نوجوان لقمہ اجل بن گئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) کرنٹ لگنے کے واقعات میں 12 سالہ لڑکے سمیت 2 نوجوان لقمہ اجل بن گئے پولیس نے نعشیں ورثاء کے حوالے کر دیں۔ باوا چک سمانہ پل کے قریب پکوڑے سموسے کی دکان پر کام کرنیوالا 531 گ ب سمندری کا رہائشی 30 سالہ بلال ولد مزمل دکان کی چھت پر گیا جہاں پر ہائی وولٹیج تاروں کے چھونے سے بجلی کا جھٹکا (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائی

04 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائی، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم زبیر سے 01 پستول 30 بور، وارث خان پولیس نے ملزم احسن فاروق سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم عامر سہیل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم مراد خان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی میں افسوسناک حادثہ، دیوار گرنے سے 12 مزدور جاں بحق ہو گئے

گولڑہ موڑ کے قریب دیوار گرنے سے جاں بحق افراد کی عمریں 19 سے 36 سال کے درمیان ہیں۔ اسپتال ذرائع

کمپلیکس ہسپتال کے ذرائع کا کہنا ہے کہ اب تک لائی گئی 12 لاشوں کو مردہ خانہ منتقل کر دیا گیا ہے، ریسکیو آپریشن جاری

اسلام آباد (یو این پی) راولپنڈی میں موسلا دھار بارش کے باعث گولڑہ موڑ کے قریب دیوار گرنے سے 12 مزدور جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دیوار تقریباً 100 فٹ لمبی اور 11 فٹ اونچی تھی جس کے ساتھ پل کی تعمیر کے سلسلے میں موجود مزدوروں نے ٹینٹ لگا رکھا تھا کہ اسی دوران دیوار ان پر گر گئی۔ پولیس کے مطابق امدادی ٹیموں نے مشین کی مدد سے 12 لاشیں نکال لی ہیں جبکہ مزید افراد کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ کمپلیکس ہسپتال کے ذرائع کا کہنا ہے کہ اب تک لائی گئی 12 لاشوں کو مردہ خانہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ چار زخمیوں کو بھی ہسپتال لایا گیا ہے، جن کی سرجری جاری ہے۔ ڈاکٹر مبشر ڈاہا کا کہنا ہے جاں بحق افراد کی عمریں 19 سے 36 سال کے درمیان ہیں۔ جب کہ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی خصوصی ہدایت پر بارش کے باعث مختلف علاقوں میں اسلام آباد انتظامیہ متحرک ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں طوفانی بارش، تمام اداروں کو ہائی (بقیہ نمبر 52)

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی پنیری کی منتقلی بارے سفارشات جاری کر دیں

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار سپر باسمتی، باسمتی 515، پی کے 1121 ایرو میٹک، چناب باسمتی، نور باسمتی، پنجاب باسمتی، نایاب باسمتی 2016، سپر گولڈ، سپر باسمتی 2019، کچی (بقیہ نمبر 51)

گوجر خان میں افسر شاہی کا راج عوامی مسائل پس پردہ ڈال دیئے گئے

نااہل انجینئر کی ناقص پالیسیوں کے باعث جی ٹی روڈ کے وسط میں لگی لائٹس خراب

نوٹس میں لانے کے باوجود مسئلہ حل نہ ہو سکا شہریوں کا حکام بالا سے سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان میں افسر شاہی کا راج قائم عوامی مسائل پس پردہ ڈال دیے گئے شہر مسائل کی آماجگاہ بن گیا مگر انتظامی افسران خواب غفلت سے نہ جاگ سکے لاوارث شہر کے عوامی نمائندے بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگ پڑے ہر کوئی نمبر سکورنگ کے چکر میں نااہل انجینئر کی ناقص پالیسیوں کے باعث کروڑوں روپے کی لاگت سے جی ٹی روڈ کے وسط میں لگنے والی لائٹس آئے روز خراب رہنا معمول بن گیا جنکا تاحال کوئی پراپر حل نہ کیا جا سکا کبھی تاریں کٹ جاتی ہیں کبھی لائٹس جل جاتی ہیں بلدیہ کا عملہ ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل پیرا ٹی ایم اے اہلکاروں کی غفلت لاپروائی کے باعث جی ٹی روڈ پر اندھیرے کا راج قائم جی ٹی روڈ کے وسط میں لگی لائٹس عرصہ دراز سے خراب ہونے کے باعث رات کو جی ٹی روڈ اتفاق سی این جی سے لیکر گلیانہ موڑ تک ویرانی اور سنسانی کے مناظر پیش کرنے لگی شہری حلقوں نے کہا کہ تحصیل انتظامیہ، ٹی ایم اے گوجر خان شہری آبادی کے مسائل حل کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے خراب لائٹس کا مسئلہ ٹی ایم او گوجر خان کے نوٹس میں ہونے کے باوجود کوئی عملدرامد نہ ہو سکا اسے انتظامیہ کی نااہلی بے بسی سمجھا جائے یا یہ سمجھا جائے کہ ٹی ایم (بقیہ نمبر 53)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کا عالمی دن 28 جولائی کو منایا جائے گا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کا عالمی دن 28 جولائی کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد جگر کے اس مہلک مرض سے آگاہی، نقصانات اور اس بچاؤ کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ ورلڈ ہیپاٹائٹس ڈے کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام (بقیہ نمبر 54)

چیف سیکرٹری کا جعلی زرعی ادویات کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم

معیاری زرعی ادویات کنٹرول ریٹ پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ زاہد اختر زمان

کپاس کی پہلی چنائی سے 13 تا 15 من فی ایکڑ پیداوار حاصل ہو رہی ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ہدایت کی ہے کہ جعلی زرعی ادویات کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کیا جائے اور چیکنگ کیلئے محکمہ زراعت خصوصی سکواڈز تشکیل دے۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں کپاس کی پیداوار کے اہداف کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کی۔ زراعت، آبپاشی اور خزانہ کے محکموں کے سیکرٹر (بقیہ نمبر 55)

22 گاڑیوں کے ڈرائیوران کے خلاف مقدمات درج، گاڑیاں متعلقہ تھانے منتقل

گاڑیوں میں نصب غیر معیاری گیس سلنڈروں کے خلاف ایکشن

غیر معیاری گیس سلنڈر کی تنصیب انسانی جانوں کے لئے خطرے کا باعث ہیں، محمد بن اشرف

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گاڑیوں میں نصب غیر معیاری گیس سلنڈروں کے خلاف ایکشن، پٹرولنگ پولیس راولپنڈی ریجن نے ایس پی محمد بن اشرف کی ہدایت پر پبلک سروس گاڑیوں میں غیر معیاری سلنڈروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 22 گاڑیوں کے ڈرائیوران کے خلاف مقدمات کا اندراج کرتے ہوئے گاڑیاں ضبط کر کے متعلقہ تھانہ جات میں بند کر دیں ایس پی محمد بن اشرف نے کہا ہے کہ پبلک سروس گاڑیوں میں غیر معیاری گیس سلنڈر کی تنصیب انسانی جانوں کے لیے (بقیہ نمبر 56)

ممبر آپریشن این ڈی ایم اے نے حالیہ بارشوں اور اسکے متوقع امکانات کے حوالے سے این ای او سی کے خصوصی اجلاس کی صدارت کی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اجلاس میں پاک افواج، پی ایم ڈی، فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن پی ایم ڈی، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز، جی بی (بقیہ نمبر 57)

جڑانوالہ۔ تھانہ سٹی کی حدود کینال روڈ پر شادی شدہ خاتون نے نہر گوگیرہ میں چھلانگ لگا دی

جڑانوالہ (جنرل رپورٹر) جڑانوالہ۔ تھانہ سٹی کی حدود کینال روڈ پر شادی شدہ خاتون نے نہر گوگیرہ میں چھلانگ لگا دی۔ تفصیلات کے مطابق۔ نہر میں چھلانگ لگانے والی خاتون اپنی بہن کے ساتھ پارک میں سیر کرنے گئی تھی۔ چھلانگ لگا کر خودکشی کرنیوالی خاتون 3 بچوں کی ماں تھی نہر میں خودکشی کرنیوالی خاتون کا خاوند حج کرنے گیا ہوا ہے خود کشی (بقیہ نمبر 58)

فیصل آباد، روشن والا کے علاقہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ASI واجد کچھی کا بھائی ساجد کچھی شدید زخمی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد روشن والا کے علاقہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ASI واجد کچھی کا بھائی ساجد کچھی شدید زخمی۔ تفصیل کے مطابق اے ایس آئی واجد کچھی کا بھائی گھر جا رہا تھا کہ راستہ میں نامعلوم افراد نے ان کو گولیاں (بقیہ نمبر 65)

اسلام آباد: دہشتگردی کے 3 مقدمات میں چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت میں توسیع

پنجاب بھر میں یکم سے 12 محرم الحرام تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی

حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 سے 10 محرم الحرام تک موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہو گی

پنجاب بھر میں امن وامان کے قیام کے لیے یکم محرم الحرام سے 12 محرم الحرام تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، پر نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بھر میں امن وامان کے قیام کے لیے یکم محرم الحرام سے 12 محرم الحرام تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 سے 10 محرم الحرام تک موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہو گی۔ دفعہ 144 کے حوالے سے باقاعدہ طور پر نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں امن وامان کے قیام کے لیے یکم محرم الحرام سے 12 محرم الحرام تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 سے 10 محرم الحرام تک موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہو گی۔ دفعہ 144 کے حوالے سے باقاعدہ طور پر نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں امن وامان کے قیام کے لیے یکم محرم الحرام سے 12 محرم الحرام تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 سے 10 محرم الحرام تک موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی ہو گی۔ دفعہ 144 کے حوالے سے باقاعدہ (بقیہ نمبر 66)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی

15 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس اور 42 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی، 15 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس اور 42 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم محمد اشفاق سے 01 کلو 100 گرام چرس، ملزم حبیب اللہ سے 01 کلو 100 گرام چرس، ملزم ایاز احمد سے 01 کلو 250 گرام چرس، ملزم احمد علی سے 01 کلو 50 گرام چرس، کہوٹہ پولیس نے ملزم خضر حیات سے 01 کلو 120 گرام چرس، ملزم یاسر سے 05 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم ثاقب سے 08 لیٹر شراب، ملزم ذیشان سے 06 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم سہیل سے 08 لیٹر شراب، ملزم احمد رضا سے 01 بوتل شراب، دھمیال پولیس نے ملزم اسرار سے 05 لیٹر شراب، کہوٹہ پولیس نے ملزم یاسر سے 05 لیٹر شراب، صادق آباد پولیس نے ملزم حماد سے 05 لیٹر شراب، فیصل سے 05 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ (بقیہ نمبر 59)

MINISTRY OF INTERIOR
FEDERAL INVESTIGATION AGENCY PAKISTAN
FIA
Federal Investigation Agency

اسلام آباد: سائفر کی تحقیقات کا آغاز، ایف آئی اے نے چیئرمین پی ٹی آئی کو طلب کر لیا

راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائی

قتل کے مقدمہ مقدمہ میں مطلوب اشتہاری سمیت 07 اشتہاری مجرمان گرفتار

سنگین مقدمات میں ملوث مجرمان کی گرفتاری انصاف کی فراہمی میں اہم ہے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائی، قتل کے مقدمہ مقدمہ میں مطلوب اشتہاری سمیت 07 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم امین خان کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم نے لین دینے کے تنازعہ پر 05 ماہ قبل ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے واجد خان کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں تھانہ رتہ امرال میں درج کیا گیا تھا، پیرودھائی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری سلیمان اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ا (بقیہ نمبر 60)

صوابی میں ریسکیو 1122 ہائی الرٹ، عوام کسی بھی ہنگامی صورت حال میں رابطہ کریں، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر

پشاور (جنرل رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر صوابی رفیع اللہ مروت کے خصوصی ہدایت پر حالیہ مون سون کی بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ریسکیو 1122 صوابی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 صوابی کے (بقیہ نمبر 63)

فوک سنگر شاہجہان بلوچ 'آف بھکر، نیا گانا ریلیز

عوامی حلقوں اور موسیقی سے دلچسپی رکھنے والوں نے اس گیت کو بڑا پسند کیا

بھکر (ظفر اعوان) فوک سنگر شاہجہان بلوچ) آف بھکر (کے نیو سونگ) تصویراں حیڈیاں (گزشتہ دنوں ٹی پی گولڈ سے ریلیز ہوا جس نے پورے ملک میں دھوم مچا دی۔ عوامی حلقوں اور موسیقی سے دلچسپی رکھنے والوں نے اس گیت کو (بقیہ نمبر 64)

عوام میاں نواز شریف کو اپنے وطن میں دیکھنا چاہتے ہیں؛ مرزا جاوید

جاتی امراء (جنرل رپورٹر) پاکستان واپسی پر نواز شریف کے تاریخ ساز استقبال کی تیاریاں شروع، مرزا جاوید، سابق وزیر اعظم اور مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کا تاریخ ساز استقبال کرنے کی تیاریوں میں ن لیگی رہنما مصروف ان شاء اللہ اگلے ماہ میاں نواز شریف عوام کے درمیان (بقیہ نمبر 62)

فیصل آباد کھڑیانوالہ پولیس کانسٹیبل ڈکیتی کرتے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا

ڈکیتی کرتے گرفتار 74 لوکے کا رہائشی مسیح کانسٹیبل تھانہ بلوچنی میں تعینات ہے

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد کھڑیانوالہ ٹیکسی سٹینڈ کے قریب پولیس کانسٹیبل ڈکیتی کرتے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ذرائع کے مطابق گرفتار کانسٹیبل تھانہ کھڑیانوالہ میں تعینات جبکہ ایس ایچ او تھانہ کھڑیانوالہ کا کہنا ہے کہ ڈکیتی کرتے گرفتار 74 لوکے کا رہائشی مسیح کانسٹیبل تھانہ بلوچنی میں تعینات ہے جس سے تفتیش کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق گرفتار کانسٹیبل تھانہ کھڑیانوالہ میں (بقیہ نمبر 61)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035